Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 — منگل ، 21 اپریل 2026ء، 3 ذیقعد 1447ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 09

شیخوپورہ کی تقدیر بدلنے کیلئے 48 ارب کے ترقیاتی پیکیج کا اعلان

اگلے 10 روز میں لاہور تا شیخوپورہ جدید الیکٹرک گرین بس سروس کا آغاز کردیا جائے گا' ستھرا پنجاب 'اور' مثالی گاؤں 'پروگرام سے دیہی علاقوں میں ترقی کے نئے دور کا آغاز ہو چکا ہے

امن وامان کی صورتحال بہتر، سنگین جرائم اور ریپ کیسز میں 40 فیصد تک نمایاں کمی آئی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب کا گورننس ماڈل میرٹ پر مبنی ہے، جو کام کرے گا وہ اپنی سیٹ پر موجود رہے گا، صوبائی وزیر اطلاعات

وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری شیخوپورہ میں پریس کانفرنس کررہی ہیں، ڈی سی اور ڈی پی او شیخوپورہ بھی ہمراہ ہیں

لاہور(این ای این)وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کے ویژن کے مطابق پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا اور شفاف ترقیاتی سفر شروع ہو چکا ہے، جس کا مقصد عوام کو گندگی اور پسماندگی سے نکال کر ایک خوبصورت اور جدید ماحول فراہم کرنا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنر آفس شیخوپورہ میں ترقیاتی منصوبوں اور امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی (بقیہ نمبر 1)

گندم کٹائی کے باوجود آٹے کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ

نجی کمپنیوں کی جانب سے فی من آٹا 7200 روپے تک فروخت، شہری پریشان

ماہرین نے حکومتی نگرانی سخت کرنے اور قیمتوں میں استحکام کا مطالبہ کردیا

مکوآنہ (این این آئی) پنجاب بھر میں گندم کی کٹائی کا سیزن شروع ہو چکا ہے تاہم اس کے باوجود آٹے کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے جس نے عام شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا ہے۔ذرائع کے مطابق رواں سیزن کے لیے گندم (بقیہ نمبر 3)

بیوی کو قتل کرنیوالے مجرم کو سزائے موت کا حکم

سوتیلی بہن اور ماں کی گواہی پر سیشن کورٹ میانوالی نے سزائے موت کا حکم سنایا تھا

میانوالی (این این آئی) والد کو قتل کرنے والے مجرم کی سزائے موت کو معطل کرنے کی اپیل خارج کردی۔تفصیلات کے مطابق غلام مصطفیٰ نامی نوجوان نے اپنے والد غلام محمد کو جائیداد کے تنازعہ پر سوتے میں رات کی تاریکی میں موت (بقیہ نمبر 6)

وزیراعلیٰ سندھ کا مستحق ٹرانسپورٹرز کو فوری ریلیف فراہم کرنے کا حکم

سید مراد علی شاہ نے گاڑیوں کی رجسٹریشن اور ٹرانسفر کے لیے روٹ پرمٹ لازمی قرار دے دیا

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے مستحق ٹرانسپورٹرز کو فوری ریلیف فراہم کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیٹا کی غلطیوں کی بنیاد پر تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی (بقیہ نمبر 5)

ریڈزون میں واقع تمام سرکاری دفاتر کیلئے ورک فرام ہوم

ریڈ زون میں قائم تمام وزارتیں، ڈویژنز اور دیگر وفاقی ادارے گھر سے کام کرنے کا بتایا گیا

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی حکومت کے اعلان کے مطابق اسلام آباد کے ریڈزون میں واقع تمام سرکاری دفاتر نے پیر 20 اپریل 2026 کو ورک فرام ہوم پر عملدرآمد کیا۔کابینہ سیکریٹریٹ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن (بقیہ نمبر 4)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا صوبے بھر کی بنجر زمینوں کو بلیوا کانومی پروگرام سے آباد کر کے معاشی زونز میں تبدیل کرنے کا عزم

بنجر زمینوں کو معاشی زونز میں تبدیلی کا منصوبہ

سرگودھا اسٹیٹ، علی والا اور شاہ گڑھ میں شرمپ فارمنگ منصوبوں کے انفراسٹرکچر کی تیاری میں اہم پیشرفت، منصوبے پر تیزی سے کام کرنے پر پوری ٹیم کو شاباش

سرگودھا اسٹیٹ شرمپ فارمنگ میں 118 تالابوں کی کھدائی، 116 ٹیوب ویلز کی بورنگ مکمل، 365 ایکڑ اراضی کی صفائی اور سروے کا 100 فیصد کام مکمل

شرمپ فارمنگ منصوبے کیلئے ویئر ہاؤس کی تعمیر 90 فیصد مکمل، ایڈمن بلاک اور فیڈ سٹور کی تعمیر تیزی سے جاری، منصوبہ مجموعی طور پر 500 ایکڑ پر مشتمل

عالمی معیار کی شرمپ فارمنگ اور ایکوا کلچر کو فروغ دیکر صوبے کی بنجر زمینوں کو آباد کرنے، روزگار کی فراہمی اور برآمدات میں اضافہ کیا جا سکتا ہے: مریم نواز شریف

لاہور(این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت صوبے بھر کی بنجر زمینوں کو آباد کر کے معاشی زونز میں تبدیل کرنے کیلئے بلیوا کانومی پروگرام شروع ہے۔ ایکوا کلچر کے فروغ سے صوبے کی بنجر زمینوں کو آباد کرنے، روزگار کی فراہمی اور برآمدات میں اضافے ہوگا۔ پنجاب میں بلیوا کانومی کے فروغ کیلئے سرگودھا شرمپ اسٹیٹ، علی والا اور شاہ گڑھ شرمپ فارم منصوبوں کے انفراسٹرکچر کی تیاری میں اہم پیشرفت ہوئی ہے ۔ سرگودھا شرمپ فارمنگ منصوبے کے لیے 126 میں سے 118 تالابوں کی کھدائی مکمل کر لی گئی جبکہ 118 تالابوں کے 92 فیصد پشتوں کی تعمیر کا کام بھی مکمل ہو چکا ہے۔ 116 ٹیوب ویلز کی بورنگ مکمل ہونے سے (بقیہ نمبر 17)

وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے وزیراعلیٰ سے ملاقات کی۔ ڈاکٹر عمیر حسین او باصنعتی تعاون، براہ راست رابطے اور افریقی منڈیوں میں نئے کاروباری مواقع پر توجہ کے ساتھ پاکستان-ایتھوپیا تجارت، مشترکہ منصوبوں اور سیاحتی تعاون کو بڑھانے پر تبادلہ خیال کریں گے

پرائیویٹ ہاؤسنگ اسکیموں سے سروسز ٹیکس کولیکشن کی مہم تیز

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے پرائیویٹ ہاؤسنگ اسکیموں سے سروسز ٹیکس کولیکشن کی مہم تیز کردی، لاہور اور راولپنڈی کی معروف ہاؤسنگ سوسائٹیز (بقیہ نمبر 8)

شیرانوالہ و ٹیکسالی گیٹ منصوبوں سے حکم امتناعی ختم

سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کے ترقیاتی منصوبوں پر عائد پابندی بھی ختم کردی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پبلک پارکس اور گرین بیلٹس کے تحفظ سے متعلق کیس میں اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے شیرانوالہ اور ٹیکسالی گیٹ پراجیکٹس پر عائد حکم امتناعی واپس لے لیا جبکہ سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کے ترقیاتی منصوبوں پر عائد پابندی (بقیہ نمبر 7)

صدر اور وزیراعظم کا کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

حکومت پاکستان ملک سے دہشتگردی کے عفریت کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے، شہباز شریف، آصف علی زرداری

وزیر داخلہ محسن نقوی کا بنوں میں فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بنوں میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب سکیورٹی آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت پاکستان ملک سے دہشتگردی کے عفریت کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے پیر کو جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے آپریشن میں پیشہ وارانہ مہارت سے خارجی سرغنہ سمیت 2 دہشتگردوں کو جہنم واصل (بقیہ نمبر 9)

وکلاء تحفظ ایکٹ پر عملدرآمد کیس، وفاق کو جواب جمع کروانے کیلئے مہلت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے وکلاء تحفظ ایکٹ 2023ء پر عمل درآمد نہ ہونے کے خلاف درخواست پر وفاقی حکومت کو 23 اپریل تک جواب جمع کروانے کی مہلت دیتے ہوئے سماعت ملتوی کردی (بقیہ نمبر 11)

ڈیزل سبسڈی منصوبہ، کسانوں کیلئے 1 ارب 60 کروڑ روپے جاری

25 ایکڑ تک زمین کے مالک رجسٹرڈ کسان اہل قرار، فی لیٹر 150 روپے سبسڈی دی جائے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ڈیزل سبسڈی منصوبے کے لئے فنڈز جاری کردیئے، محکمہ خزانہ نے کسان کارڈ ہولڈرز کے لئے ایک ارب 60 کروڑ روپے کے فنڈز جاری کیے ہیں۔اعلامیے کے مطابق گندم کاشت کرنے والے 25 ایکڑ تک اراضی کے مالک کسان سبسڈی کے اہل قرار دیئے گئے ہیں، ہر ایکڑ کے لئے 10 لیٹر ڈیزل پر 150 روپے فی لیٹر سبسڈی فراہم کی جائے گی۔ کسان کارڈ رکھنے والے رجسٹرڈ کاشتکار ہی (بقیہ نمبر 10)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا چینی زبان کے دن پر خصوصی پیغام

وزیراعلیٰ نے چینی عوام کو چینی زبان کے دن پر مبارکباد دی اور کہا کہ عوام کے درمیان تعلقات کو فروغ دینے میں زبان اہم ہے

زبان سیکھنے سے چینی ثقافت کو سمجھنے کے ساتھ عوام سے بہتر تعلقات کو فروغ دیا جا سکتا ہے، مریم نواز شریف

لاہور(این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ چینی زبان عالمی منظر نامے میں بہت زیادہ اہمیت اختیار کر چکی ہے۔ چینی زبان اقوام متحدہ کی چھ آفیشل زبانوں میں سے ایک ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے چینی زبان کے دن پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ دنیا میں تقریباً سوا ارب افراد چینی زبان بولتے ہیں۔ چین کی بے مثال ترقی دنیا کے لیے ایک روشن مثال ہے ۔ چین (بقیہ نمبر 22)

صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق ستھرا پنجاب اتھارٹی آفس میں اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان موبائل کیمونیکیشنز لمیٹڈ (جاز) اور نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (نیوٹیک) کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط

انڈسٹری و اکیڈمیا روابط کو فروغ دینے کی جانب اہم قدم

نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (NUTECH) کے وفد نے پرو ریکٹر نورک کی قیادت میں پاکستان موبائل کیمونیکیشنز لمیٹڈ کا دورہ کیا

اس مفاہمتی یادداشت کے تحت جدت، اطلاقی تحقیق اور مہارتوں کی ترقی کے شعبوں میں تعاون کیا جائے گا

یہ اشتراک پاکستان میں ٹیکنالوجی، جدت اور انسانی وسائل کی ترقی کے فروغ کے لیے دونوں اداروں کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے

پاکستان موبائل کیمونیکیشنز لمیٹڈ (جاز) اور نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (نیوٹیک) کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے جا رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) *پاکستان موبائل کیمونیکیشنز لمیٹڈ (جاز) اور نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (نیو ٹیک) کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط انڈسٹری و اکیڈمیا روابط کو فروغ دینے کی جانب اہم قدم* نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (NUTECH) کا ایک وفد، جس کی قیادت پرو ریکٹر نورک (NORIC) نے کی، پاکستان موبائل کمیونیکیشنز لمیٹڈ (Jazz) کے دورے پر گیا جہاں باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے۔اس مفاہمتی یادداشت (بقیہ نمبر 2)

لاہور، ٹریفک سگنلز سے چھیڑ چھاڑ کرنے والا گروہ گرفتار

ملزمان ٹریفک روک کر پھول بیچنے کے بہانے شہریوں سے بھیک مانگتے تھے

لاہور (این این آئی) ٹاؤن شپ کے علاقے میں ٹریفک سگنلز سے چھیڑ چھاڑ کرنے والا گروہ گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے سگنل بند کر کے ٹریفک روکنے اور بھیک (بقیہ نمبر 23)

ڈی جی سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ سیف سٹی توسیع پروجیکٹ کے تحت سیف سٹی آفس میں جاری کام کا جائزہ لے رہے ہیں

گھریلو جھگڑے پر بہنوئی، اسکے بھائی کو قتل کرنے کی کوشش، 5 ملزمان گرفتار

بیوی کے بھائیوں کا بہنوئی، اس کے بھائی پر حملہ، چاقو کے وار سے دونوں شدید زخمی

لاہور (این این آئی) لاہور کوٹ لکھپت کے علاقے میں گھریلو جھگڑے نے خونی رخ اختیار کرلیا، پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل میں ملوث 5 ملزمان کو موقع سے گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق کوٹ لکھپت پولیس کو گھریلو جھگڑے کی (بقیہ نمبر 24)

تعمیراتی اور فنشنگ کے کاموں کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جائے

نیشنل پولیس اکیڈمی منصوبے کے تمام حصوں پر بیک وقت تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے، چیئرمین سی ڈی اے کو بریفنگ

چیف کمشنر اسلام آباد و چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کا زیر تعمیر نیشنل پولیس اکیڈمی بلڈنگ، ایلیٹ پولیس سکول کا دورہ

اسلام آباد(این ای این) چیف کمشنر اسلام آباد و چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سہیل اشرف نے پیر کے روز زیر تعمیر نیشنل پولیس اکیڈمی بلڈنگ، ایلیٹ پولیس سکول اور اسلام آباد سیف سٹی کی توسیع کے منصوبے کا دورہ کیا۔اس موقع پر انسپکٹر جنرل (آئی جی) اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی اور دیگر متعلقہ افسران بھی انکے ہمراہ تھے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے نیشنل پولیس اکیڈمی (بقیہ نمبر 12)

داتا دربار توسیعی منصوبہ، جدید طرز کا شاندار گنبد زیر تعمیر کیا جارہا ہے

روایتی اسلامی فنِ تعمیر اور جدید انجینئرنگ کا امتزاج، منصوبہ آئندہ دو ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) سیکرٹری اچیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ حضرت علی ہجویری المعروف حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار مبارک کے توسیعی منصوبے میں ایک جدید ترین، دلکش اور شاندار طرز تعمیر کا حامل گنبد تعمیر کیا جا رہا ہے، جو نہ (بقیہ نمبر 13)

بیوی کو قتل کرنے والے مجرم کو سزائے موت کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور کی سیشن کورٹ نے بیوی کو قتل کا جرم ثابت ہونے پر شوہر محمد اعظم کو سزائے موت کا حکم دے دیا۔عدالت نے جرم ثابت ہونے پر مجرم کو سزائے موت کے ساتھ 3 لاکھ روپے جرمانہ ادا کرنے کا حکم بھی دیا۔ایڈیشنل سیشن جج (بقیہ نمبر 14)

چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک کا شہر کے مختلف پوائنٹس کا دورہ کررہے ہیں

چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک کا شہر کے مختلف پوائنٹس کا دورہ

اسلام آباد(این ای این) چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک کا شہر کے مختلف پوائنٹس کا دورہ۔ ٹریفک و سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور ڈیوٹی پر مامور افسران سے ملاقات کی۔ سی ٹی او نے افسران کو ٹریفک کے متعلق ضروری ہدایات جاری کیں تاکہ شہریوں کو ٹریفک کے حوالے سے کسی بھی دشواری کا (بقیہ نمبر 15)

انسدادِ پولیو مہم کے دوران تقریباً 3 لاکھ بچوں کو ویکسین نہیں دی جاسکی

4 کروڑ 50 لاکھ میں سے 4 کروڑ 47 لاکھ سے زائد بچوں کو ویکسین دی گئی، اعداد و شمار

لاہور (این این آئی) رواں سال کی دوسری ملک گیر انسدادِ پولیو مہم کے دوران تقریباً 3 لاکھ بچوں کو ویکسین نہیں دی جا سکی۔ ایک ہفتے جاری رہنے والی اس مہم کا مقصد 5 سال سے کم عمر 4 کروڑ 50 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانا تھا۔ نیشنل (بقیہ نمبر 18)

800 کلو استعمال شدہ گھی، سپلائر گاڑی ضبط

50 کلو چائنہ نمک، 40 لیٹر غیر معیاری سوڈا واٹر تلف، 3 یونٹس بند

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے کارروائیاں کرتے ہوئے 800 کلو استعمال شدہ گھی، سپلائر گاڑی ضبط اور 50 کلو چائنہ نمک، 40 لیٹر غیر معیاری سوڈا واٹر تلف کر دیا۔ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سید موسیٰ رضا کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے (بقیہ نمبر 19)

لکی مروت، پولیس کا ٹارگٹڈ آپریشن، 2 دہشتگرد ہلاک، اہلکار شہید

ہلاک شدگان میں خوارجی رنگ لیڈر وحید اللہ عرف مختیار اور ایک خودکش بمبار بھی' خودکش جیکٹ، اسلحہ اور گولہ بارود برآمد

آپریشن کے ذریعے خودکش حملے کے گھناؤنے فعل کا بدلہ لے لیا گیا اور مرکزی مجرم کو انجام تک پہنچا دیا گیا ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی، بنوں (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے ضلع بنوں میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں خودکش حملے کے مرکزی سہولت کار سمیت 2 خوارج کو ہلاک کر دیا جبکہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم کو سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر ناز ہے، قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ مسلح افواج کے (بقیہ نمبر 25)

لاہور: صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر منیجمنٹ خواجہ سلمان رفیق پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس میں اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ساہیوال، غیر قانونی سلاٹر ہاؤس سے 160 کلو گوشت برآمد

ساہیوال (این این آئی) ویٹرنری آفیسر ڈاکٹر اسامہ حسن افضل کی جہاز گراؤنڈ میں کامیاب کارروائی غیر قانونی سلاٹر ہاؤس سے 160 کلو گوشت برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا گیا جبکہ ملزم کو بھی گرفتار کرلیا گیا۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب ایک اطلاع (بقیہ نمبر 27)

وفاقی حکومت کا چیف سیکرٹری پنجاب کو خط، اڑان پاکستان پر رپورٹ طلب

ایکسپورٹس، توانائی، ماحولیات اور معاشی برابری پر عملدرآمد کی تفصیلات بھی طلب کی گئیں

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے چیف سیکرٹری پنجاب زاہد زمان کو خط لکھ کر اڑان پاکستان پر رپورٹ طلب کرلی۔ خط میں اڑان پاکستان کے تحت صوبوں کو دیے گئے اہداف پر پیشرفت رپورٹ طلب کرلی گئی۔علاوہ ازیں ایکسپورٹس، توانائی، ماحولیات اور معاشی برابری پر عملدرآمد کی تفصیلات بھی طلب کر لی گئی۔خط میں پنجاب کو دیئے گئے معاشی اہداف پر کارکردگی رپورٹ وفاق کو جمع کرانے کی ہدایت دیتے ہوئے اڑان پاکستان کے (بقیہ نمبر 26)

سی ٹی او اسلام آباد کا مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ

موجود پولیس افسران وجوانوں سے ملاقات، سکیورٹی و ٹریفک کے موثر انتظامات کو بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری

اسلام آباد ٹریفک پولیس شہریوں کی رہنمائی اور سہولت کے لیے ہمہ وقت سڑکوں پر موجود ہے، سی ٹی او محمد سرفراز ورک

اسلام آباد(این این آئی) سی ٹی او محمد سرفراز ورک نے ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا کے ہمراہ شہر کے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا، ڈیوٹی پر موجود پولیس افسران وجوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی و ٹریفک کے موثر انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں فول پروف سکیورٹی اور موثر ٹریفک انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں۔ اس سلسلے میں چیف ٹریفک (بقیہ نمبر 16)

وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان کفایت شعاری اقدامات کی مانیٹرنگ کمیٹی کے چوتھے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، صوبائی وزیر صہیب احمد بھرتھ بھی شریک ہیں

اسسٹنٹ کمشنر کمالیہ کی ہدایت پر شہر بھر میں پرائس مجسٹریٹس کو متحرک

کارروائیوں کے دوران متعدد دکانوں سے غیر قانونی سگریٹس قبضہ میں لے لیے گئے

کمالیہ (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر کمالیہ ارم شہزادی کی ہدایت پر شہر بھر میں پرائس مجسٹریٹس کو متحرک کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں مختلف علاقوں میں کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ کارروائیوں کے دوران متعدد دکانوں سے غیر قانونی سگریٹس قبضہ (بقیہ نمبر 20)

کمالیہ شہر کو اربن فلڈنگ سے بچانے کیلئے اہم اقدامات

شہر کے مختلف علاقوں میں زیر زمین پانی ذخیرہ کرنے کے ٹینکس تعمیر کیے جا رہے ہیں

کمالیہ (این این آئی) حکومت پنجاب کی جانب سے کمالیہ شہر کو اربن فلڈنگ سے بچانے کیلئے اہم اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، جس کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں زیر زمین پانی ذخیرہ کرنے کے ٹینکس تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ ان منصوبوں پر پنجاب ڈویلپمنٹ (بقیہ نمبر 21)

روایتی میٹرز کا اجراء ختم، اسمارٹ میٹرز کی تنصیب لازمی قرار

روایتی میٹرز کا اجراء ختم، اسمارٹ میٹرز کی تنصیب لازمی قرار، صارفین کے تمام میٹرز اسمارٹ میٹرز میں تبدیل کرنے کا فیصلہ

عالمی مسابقتی عمل سے اسمارٹ میٹرز کی قیمتوں میں 40 فیصد کمی ہوئی، کمرشل اور صنعتی صارفین کو ڈیجیٹل نظام میں شامل کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) جدید ڈیجیٹل نظام کی جانب عملی پیشرفت ہوئی ہے جس کے تحت ڈسکوز میں روایتی میٹرز کا اجراء ختم کردیا گیا۔ تھری فیز صارفین کے تمام میٹرز مرحلہ وار اسمارٹ میٹرز میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا، پاور ڈویژن نے بجلی کنکشنز کے لیے اسمارٹ میٹرز کی تنصیب لازمی قرار دے دی۔ اسمارٹ میٹرز کی تنصیب سے ریکوری میں بہتری اور نقصانات میں کمی متوقع ہے۔ پاور ڈویژن اور آئی ایف سی کے درمیان ٹرانزیکشن ایڈوائزری سروسز کا معاہدہ ہوگیا، ایک کروڑ کنکشنز (بقیہ نمبر 28)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کا مختلف ڈیوٹی پوائنٹس پر سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے ڈیوٹی پر مامور افسران کو مکمل الرٹ رہنے اور دلجمعی سے ڈیوٹی ادا کرنے کی ہدایت کررہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

غذائی درآمدات کا بوجھ

ادارہ شماریات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے نو ماہ (جولائی تا مارچ) میں ملک کی غذائی درآمدات سات ارب ڈالر سے تجاوز کر گئیں' جو گزشتہ سال سے 15 فیصد زیادہ ہیں۔ یہ اعداد و شمار پاکستان جیسے ملک کیلئے لمحہ فکریہ ہیں جس کی معیشت کی بنیاد ہی زراعت پر استوار ہے۔ تشویشناک بات یہ ہے کہ دالوں کی درآمدات میں 24 فیصد کمی کے باوجود مجموعی غذائی درآمدات میں تقریباً 94 کروڑ ڈالر کا بڑا اضافہ ہوا۔ سب سے بڑا بوجھ خوردنی تیل کی صورت میں نظر آتا ہے۔ ہر سال اربوں ڈالر کے خوردنی تیل کی درآمد ایک دائمی خطرہ بن چکی ہے' جس کا مستقل حل ناگزیر ہے۔

پاکستان جیسے زرخیز خطے میں تیل دار اجناس کی مقامی کاشت پر توجہ نہ دینا ایک سنگین پالیسی خلا ہے' جس کی قیمت مہنگی درآمدات کی صورت میں ادا کرنا پڑ رہی ہے۔ موجودہ حالات متقاضی ہیں کہ زرعی پالیسی کو منظم کرتے ہوئے روایتی فصلوں تک محدود رہنے کے بجائے جدید ٹیکنالوجی اور بہتر بیجوں کے استعمال سے فی ایکڑ پیداوار میں کم از کم اس قدر اضافہ کیا جائے کہ مقامی طلب کو پورا کیا جا سکے۔ برآمدی صلاحیت رکھنے والی مصنوعات جیسے چاول' پھل وغیرہ کی عالمی معیار کے مطابق پروسیسنگ اور نئی منڈیوں تک رسائی سے نہ صرف تجارتی خسارہ کم کیا جا سکتا ہے بلکہ زرمبادلہ کے ذخائر کو بھی مستحکم بنایا جاسکتا ہے۔

امتحان سے دوچار

تحریر: تہریم اشرف

مشرق وسطیٰ ایک بار پھر خطرناک کشیدگی کی لپیٹ میں ہے، جہاں آبنائے ہرمز جیسے عالمی اہمیت کے حامل بحری راستے پر ایران کی حالیہ عسکری کارروائیوں نے نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا کے لیے تشویش پیدا کر دی ہے۔ تازہ اطلاعات کے مطابق ایرانی گن بوٹس نے ایک آئل ٹینکر پر فائرنگ کی، جبکہ ایرانی قیادت کی جانب سے سخت بیانات نے صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔

آبنائے ہرمز دنیا کے ان اہم ترین بحری راستوں میں شمار ہوتی ہے جہاں سے تقریباً بیس فیصد عالمی تیل کی ترسیل ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں معمولی کشیدگی بھی عالمی معیشت پر گہرے اثرات مرتب کرتی ہے۔ حالیہ واقعات میں ایران نے نہ صرف اس راستے پر اپنی گرفت مضبوط کرنے کا اعلان کیا بلکہ امریکی دباؤ کے ردعمل میں اس پر عملی کنٹرول بھی سخت کر دیا۔

ایرانی پاسداران انقلاب کی جانب سے ایک ٹینکر پر فائرنگ کا واقعہ اس بڑھتی ہوئی کشیدگی کی واضح مثال ہے۔ عالمی ذرائع کے مطابق ایرانی گن بوٹس نے ایک تجارتی جہاز کو نشانہ بنایا۔ اگرچہ اس میں جانی نقصان کی اطلاعات سامنے نہیں آئیں، تاہم اس اقدام نے عالمی سطح پر خطرے کی گھنٹی ضرور بجا دی ہے۔

اس کے ساتھ ہی ایران کی اعلیٰ قیادت کی جانب سے دیا جانے والا سخت لب و لہجہ مزید تشویشناک ہے۔ ایرانی سپریم لیڈر کی جانب سے کہا گیا کہ ایران کی بحریہ دشمنوں کو تلخ شکست دینے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ یہ بیان نہ صرف عسکری اعتماد کی عکاسی کرتا ہے بلکہ اس بات کا اشارہ بھی دیتا ہے کہ ایران کسی بھی ممکنہ تصادم کے لیے ذہنی طور پر تیار ہے۔

اصل مسئلہ صرف ایک بحری جھڑپ نہیں بلکہ ایک وسیع جغرافیائی اور سیاسی تنازع ہے۔ امریکہ کی جانب سے ایران پر دباؤ اور ایران کا اس کے جواب میں آبنائے ہرمز پر کنٹرول سخت کرنا دراصل طاقت کے توازن کی جنگ ہے۔ اس صورتحال میں دونوں ممالک ایک دوسرے پر بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کا الزام لگا رہے ہیں، جس سے سفارتی حل مزید پیچیدہ ہوتا جا رہا ہے۔

مزید برآں، اس کشیدگی کے عالمی اثرات بھی نمایاں ہو رہے ہیں۔ تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، بحری تجارت میں رکاوٹیں، اور عالمی سپلائی چین پر دباؤ، یہ سب اس بحران کے براہِ راست نتائج ہیں۔ کئی ممالک کے جہاز اس علاقے سے گزرنے میں احتیاط برت رہے ہیں، جس سے عالمی تجارت متاثر ہو رہی ہے۔

اگر اس صورتحال کا گہرائی سے جائزہ لیا جائے تو واضح ہوتا ہے کہ یہ محض ایک علاقائی تنازع نہیں بلکہ عالمی طاقتوں کے درمیان اثر و رسوخ کی جنگ ہے۔ ایران اپنی خودمختاری اور علاقائی برتری برقرار رکھنا چاہتا ہے، جبکہ امریکہ عالمی بحری راستوں کی آزادی کو یقینی بنانے کے نام پر اپنی پالیسی نافذ کر رہا ہے۔

حتمی طور پر، آبنائے ہرمز کا یہ بحران عالمی امن کے لیے ایک سنجیدہ خطرہ بن چکا ہے۔ اگر فوری اور مؤثر سفارتی اقدامات نہ کیے گئے تو یہ کشیدگی کسی بڑے تصادم میں تبدیل ہو سکتی ہے، جس کے اثرات پوری دنیا کو بھگتنا پڑیں گے۔ ایسے میں عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ محض بیانات تک محدود نہ رہے بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے اس بحران کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کرے۔

یہ صورتحال ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتی ہے کہ جدید دنیا میں طاقت کا استعمال کب تک مسائل کا حل سمجھا جاتا رہے گا، اور کب انسانیت مذاکرات اور امن کو ترجیح دینا سیکھے گی۔

تخلیقی سوچ کا بحران اور ہمارا مستقبل

چشمِ نم
رشید احمد نعیم
Rasheed03014033622@gmail.com

ہم اپنے بچوں کو سوال کرنے سے روکتے ہیں۔ انہیں نصاب کے محدود دائرے میں قید رکھتے ہیں اور پھر توقع کرتے ہیں کہ وہ دنیا بدل دیں۔ یہ تضاد ہی ہماری ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بن چکا ہے۔ ہر سال 21 اپریل کو دنیا بھر میں عالمی تخلیقی صلاحیت اور جدت کا دن منایا جاتا ہے مگر سوال یہ ہے کہ کیا ہم واقعی اس دن کے پیغام کو سمجھ بھی پاتے ہیں یا محض رسمی بیانات تک محدود رہتے ہیں؟ آج کا دور بلاشبہ علم اور ٹیکنالوجی کا دور ہے مگر محض معلومات کا انبار ترقی کی ضمانت نہیں بنتا۔

اصل طاقت اس سوچ میں ہے جو نئے سوال اٹھائے۔ پرانے طریقوں کو چیلنج کرے۔ ناممکن کو ممکن بنانے کی جستجو کرے۔ یہی تخلیقی صلاحیت ہے۔ ایک ایسی قوت جو انسان کو ہجوم سے الگ کرتی ہے اور جب یہی سوچ عمل کا روپ دھارتی ہے تو جدت جنم لیتی ہے جو قوموں کی تقدیر بدل دیتی ہے۔

یہ کوئی نظریاتی بات نہیں بلکہ ایک زندہ حقیقت ہے۔ دنیا کی وہی قومیں آگے بڑھ رہی ہیں جنہوں نے اپنے تعلیمی نظام کو محض کتابوں تک محدود نہیں رکھا بلکہ طلبہ کو سوچنے سوال کرنے اور غلطی کرنے کی آزادی دی۔ وہاں استاد صرف پڑھاتا نہیں بلکہ ذہنوں کو بیدار کرتا ہے۔ تحقیق کو محض ڈگری کا ذریعہ نہیں بلکہ مسئلہ حل کرنے کا ہتھیار سمجھا جاتا ہے۔ اس کے برعکس اگر ہم اپنے اردگرد نظر دوڑائیں تو ایک مختلف تصویر سامنے آتی ہے۔ ہمارے ہاں آج بھی کامیابی کا پیمانہ نمبرز ہیں نہ کہ سوچ کی گہرائی کو کامیابی تصور کیا جاتا ہے۔ ایک طالب علم اگر سوال کرے تو اکثر اسے گستاخی سمجھا جاتا ہے۔ نئے خیالات کو سراہنے کی بجائے دبانے کی روایت کہیں نہ کہیں ہماری جڑوں میں آج بھی موجود ہے۔ کیا ایسے ماحول میں تخلیقی ذہن پروان چڑھ سکتے ہیں؟

یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جاسکتی کہ پاکستان میں صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں۔ ہمارے نوجوان دنیا بھر میں آئی ٹی، فری لانسنگ اور دیگر شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں لیکن افسوس یہ ہے کہ یہ کامیابیاں زیادہ تر انفرادی جدوجہد کا نتیجہ ہیں کسی منظم قومی حکمت عملی کا نہیں۔ اگر یہی توانائی درست سمت میں لگائی جائے، اگر ادارہ جاتی سطح پر رہنمائی اور وسائل فراہم کیے جائیں تو یہی نوجوان ملک کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔ تخلیقی صلاحیت صرف سائنس یا ٹیکنالوجی تک محدود نہیں۔ ایک ادیب اپنے الفاظ سے معاشرے کی روح کو آواز دیتا ہے۔ ایک صحافی نئے زاویوں سے حقیقت کو بے نقاب کرتا ہے۔ ایک کاروباری ذہن وہ راستے نکالتا ہے جہاں دوسروں کو بند گلی دکھائی دیتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ہم ایسے لوگوں کو جگہ دے رہے ہیں؟ کیا ہم اپنے معاشرے میں مختلف سوچ کو برداشت کرنے کا حوصلہ رکھتے ہیں؟

عالمی سطح پر اس دن کو منانے کا مقصد محض ایک تقریب نہیں بلکہ ایک یاد دہانی ہے کہ پائیدار ترقی کے لیے ہمیں اپنے سوچنے کے انداز کو بدلنا ہوگا۔ ماحولیاتی مسائل ہوں، بے روزگاری ہو یا صحت کے چیلنجز یہ سب روایتی طریقوں سے حل نہیں ہوں گے۔ ہمیں نئے راستے تلاش کرنا ہوں گے اور یہ کام صرف وہی ذہن کر سکتے ہیں جو آزاد ہوں۔

میڈیا کا کردار بھی یہاں انتہائی اہم ہو جاتا ہے۔ اگر میڈیا صرف سنسنی پھیلانے کے بجائے تخلیقی لوگوں، نئی سوچ اور مثبت مثالوں کو سامنے لائے تو یہ معاشرے کا رخ بدل سکتا ہے۔ ایک اچھی کہانی، ایک منفرد خیال اور ایک کامیاب تجربہ نوجوان کے لیے امید کی کرن بن سکتے ہیں لیکن اس سب کے لیے ایک بنیادی شرط ہے ماحول۔ ایسا ماحول جہاں اظہار رائے کی آزادی ہو۔ جہاں ناکامی کو جرم نہیں بلکہ سیکھنے کا مرحلہ سمجھا جائے۔ جہاں نئے خیالات کو شک کی نگاہ سے نہیں بلکہ امید کی نظر سے دیکھا جائے۔ بدقسمتی سے ہم اب بھی اس مرحلے تک نہیں پہنچ سکے جہاں اختلاف رائے کو برداشت کیا جا سکے۔

سوال یہ ہے کہ ہم کب بدلیں گے؟ کب ہم اپنے نوجوانوں پر اعتماد کریں گے؟ کب ہم انہیں صرف نوکری کے امیدوار کی بجائے تبدیلی کے معمار کے طور پر دیکھیں گے؟ حقیقت یہ ہے کہ تخلیقی صلاحیت کسی بھی قوم کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتی ہے گر اسے پہچان لیا جائے اور اسے صحیح سمت دے دی جائے تو یہ نہ صرف فرد کی زندگی بدل سکتی ہے بلکہ پوری قوم کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن کر سکتی ہے لیکن اگر ہم نے اسے نظر انداز کیا تو ہم ہمیشہ دوسروں کی ایجادات کے صارف بن کر رہ جائیں گے خالق نہیں بن پائیں گے۔ عالمی تخلیقی صلاحیت اور جدت کا دن ہمیں محض ایک دن کا پیغام نہیں دیتا بلکہ ایک مستقل سوال ہمارے سامنے رکھتا ہے کہ کیا ہم سوچنے کے لیے تیار ہیں؟ کیونکہ جب سوچ بدلتی ہے تو تقدیریں بھی بدل جایا کرتی ہیں۔

جنگ کے سائے میں امن کی تلا

رانا محمد عقیل جاوید
کھرڑیانوالہ

بدلتے ہوئے عالمی منظرنامے میں کبھی کبھار ایسے لمحے جنم لیتے ہیں جو تاریخ کے رخ کو موڑنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ آج ایک ایسا ہی لمحہ ہمارے سامنے کھڑا ہے، جہاں پاکستان اپنے تدبر، تحمل اور سفارتی بصیرت کے ساتھ ایران اور امریکہ کے درمیان ایک پل بننے کی کوشش کر رہا ہے۔ یہ محض سفارت کاری نہیں، بلکہ آگ کے دریا میں قدم رکھنے کے مترادف ہے۔

فضا میں کشیدگی کی بو ہے، تاریخ کے اوراق عدم اعتماد کی داستانیں سناتے ہیں، اور طاقت کے ایوانوں میں مفادات کی گونج سنائی دیتی ہے۔ ایسے میں اگر کوئی امن کی بات کرے تو وہ محض ایک آواز نہیں، بلکہ ایک جرات مندانہ اعلان ہوتا ہے۔ پاکستان نے یہی اعلان کیا ہے خاموشی سے مگر وقار کے ساتھ۔

ایران اور امریکہ کے درمیان تعلقات کسی ٹوٹے ہوئے آئینے کی مانند ہیں، جس کے ہر ٹکڑے میں بدگمانی، پابندیوں اور تصادم کی جھلک دکھائی دیتی ہے۔ ان ٹکڑوں کو جوڑنا کوئی آسان کام نہیں۔ یہ وہ راستہ ہے جہاں ہر قدم پر اندیشے ہیں، ہر موڑ پر آزمائش ہے۔ مگر شاید یہی وہ لمحہ ہے جہاں قومیں اپنے قد کا تعین کرتی ہیں۔

پاکستان کے لیے یہ صرف ایک سفارتی کوشش نہیں، بلکہ اپنی شناخت کو نئے سرے سے متعارف کروانے کا موقع بھی ہے۔ کیا ہم صرف حالات کے بہاؤ میں بہنے والی قوم ہیں، یا پھر ہم وہ قوم ہیں جو طوفانوں کا رخ موڑنے کا حوصلہ رکھتی ہے؟ یہ سوال آج ہر باشعور دل میں گونج رہا ہے۔

سچ تو یہ ہے کہ عالمی سیاست میں نیتیں کم اور مفادات زیادہ بولتے ہیں۔ یہاں دوستی بھی وقتی ہوتی ہے اور دشمنی بھی۔ مگر اس تلخ حقیقت کے باوجود اگر کوئی ملک امن کا پرچم اٹھاتا ہے تو وہ قابلِ تحسین ضرور ہے۔ کیونکہ جنگیں تو آسان ہوتی ہیں ایک چنگاری، ایک فیصلہ، اور سب کچھ راکھ۔ مگر امن؟ امن صبر مانگتا ہے، دانائی مانگتا ہے، اور سب سے بڑھ کر خلوص مانگتا ہے۔

اگر پاکستان اس کٹھن سفر میں کامیاب ہو جاتا ہے تو یہ صرف ایک سفارتی فتح نہیں ہوگی، بلکہ ایک اخلاقی جیت بھی ہوگی۔ یہ ثابت ہو جائے گا کہ کمزور سمجھے جانے والے ممالک بھی بڑے فیصلے کر سکتے ہیں، اور تاریخ کے دھارے کو بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ لیکن اگر یہ کوشش ناکام ہوئی تو سوالات بھی اٹھیں گے، انگلیاں بھی اٹھیں گی، اور شاید اعتماد کی وہ ڈور بھی کمزور پڑ جائے جسے بڑی محنت سے بُنا جاتا ہے۔

مگر امید کا دامن چھوڑ دینا دانشمندی نہیں۔ کیونکہ اندھیروں کے بیچ ہی روشنی کی اہمیت کا احساس ہوتا ہے۔ شاید یہی وہ وقت ہے جب دنیا کو ایک بار پھر یہ سکھایا جا سکتا ہے کہ بات چیت، برداشت اور تدبر ہی وہ راستے ہیں جو تباہی سے بچا سکتے ہیں۔

آخر میں صرف اتنا کہوں گا:

یہی بہت ہے کہ ہم نے چراغ جلایا ہے،
ہوا کے ساتھ مقابلہ تو خدا کرے گا……

(قاری کا کالم نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

شوبز SHOWBIZ

دل ٹوٹنے کے باعث کئی ماہ تک بیخوابی کی بیماری میں مبتلا رہی

2011 میں انوراگ کشیپ سے شادی کی اور 2013 میں علیحدگی اختیار کی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ کالکی کیکلاں نے کہا ہے کہ ٹوٹنے کے بعد بے خوابی کی بیماری میں مبتلا ہوگئی تھی، اور اس بیماری نے انہیں کئی ماہ تک بیخوابی میں مبتلا رکھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دل ٹوٹنے کے بعد بے خوابی کی بیماری سے جدوجہد کو یاد کرتے ہوئے کالکی کا کہنا تھا کہ میں بالکل سو ہی نہیں پاتی تھی۔ اگرچہ 42 سالہ کالکی نے یہ واضح نہیں کیا کہ وہ کس رشتے کے بارے میں بات کر رہی تھیں، لیکن ان کا سب سے مشہور ماضی کا تعلق اداکار و ہدایت کار انوراگ کشیپ کے ساتھ رہا ہے۔ انکی زندگی میں ایک وقت ایسا بھی آیا جب ایک تکلیف دہ بریک اپ نے انہیں کئی مہینوں تک بے خوابی میں مبتلا رکھا۔ اپنے نے اس تجربے کے بارے میں کھل کر بات کرتے ہوئے کالکی نے بتایا کہ کس طرح جذباتی اذیت نے انکی صحت کو متاثر کرنا شروع کیا اور انہیں یہ احساس ہوا کہ ذہن اور جسم کس قدر گہرے طور پر ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔

معین اختر کی برسی 22 اپریل کو منائی جائے گی

حکومت پاکستان کی طرف سے تمغہ حسن کارکردگی اور ستارہ امتیاز سے بھی نوازا گیا



لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیلیویژن، سٹیج اور فلم کے مزاحیہ اداکار اور میزبان معین اختر کی برسی 22 اپریل کو منائی جائے گی۔ وہ بطور فلم ہدایت کار، پروڈیوسر، گلوکار اور مصنف کام کر چکے ہیں۔ پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی سے تعلق رکھنے والے معین اختر نے پاکستان ٹیلی ویژن پر اپنے کام کا آغاز 6 ستمبر 1966 کو پاکستان کے پہلے یوم دفاع کی تقاریب کے لیے کیے گئے پروگرام سے کیا۔ جس کے بعد انہوں نے کئی ٹی وی ڈراموں، سٹیج شوز میں کام کرنے کے بعد انور مقصود اور بشریٰ انصاری کے ساتھ ٹیم بنا کر کئی معیاری پروگرام پیش کیے۔

فضا علی نے لندن میں وائرل متنازع لمحہ دوبارہ دہرا دیا

فضا علی حال ہی میں تیسری شادی کے بعد نئی زندگی کا آغاز کر چکی ہیں



لندن (این این آئی) پاکستانی اداکارہ، ماڈل اور میزبان فضا علی ایک بار پھر خبروں میں آ گئیں، جب انہوں نے لندن میں اپنے شوہر اعجاز خان کے ساتھ وہی متنازع لمحہ دوبارہ دہرایا جو اس سے قبل ان کے لائیو شو میں وائرل ہوا تھا۔ فضا علی حال ہی میں تیسری شادی کے بعد نئی زندگی کا آغاز کر چکی ہیں اور اس وقت اپنے شوہر کے ہمراہ لندن میں موجود ہیں۔ یاد رہے کہ کچھ روز قبل اپنے لائیو پروگرام کے دوران اعجاز خان نے فضا علی کو کندھے پر اٹھا لیا تھا جسے سوشل میڈیا صارفین نے نامناسب قرار دیا، یہاں تک کہ پروگرام پر پابندی کا مطالبہ بھی سامنے آیا، جس کے بعد فضا علی کو باقاعدہ معذرت کرنا پڑی تھی۔ اب فضا علی نے لندن میں معروف مقام ہیروڈز کے سامنے اسی منظر کو دوبارہ عکس بند کروا کر سوشل میڈیا پر شیئر کیا ہے، جس پر صارفین نے شدید ردعمل دیا ہے۔

ریما خان کا معروف اداکارہ کو تھپڑ مارنے کا اعتراف

ریما شان شاہد، سعود اور بابر علی کے ساتھ اپنی کامیاب جوڑیوں کے لیے بھی جانی جاتی ہیں



لاہور (این این آئی) پاکستان کی معروف فلم اسٹار، ہدایت کارہ اور پروڈیوسر ریما خان نے ایک حالیہ پوڈکاسٹ میں انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے ماضی میں ایک مشہور اداکارہ کو تھپڑ مارا تھا۔ ریما خان نے اپنے کیریئر کا آغاز فلم بلندی سے کیا اور بعد ازاں کوئی تجھ سا کہاں، زمین آسمان، جو ڈر گیا وہ مر گیا، چور مچائے شور، ہاتھی میرے ساتھی اور نکاح جیسی فلموں سے شہرت حاصل کی، وہ شان شاہد، سعود اور بابر علی کے ساتھ اپنی کامیاب جوڑیوں کے لیے بھی جانی جاتی ہیں۔ ریما خان نے مبشر ہاشمی کے ساتھ جیو ٹی وی کی پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ یہ واقعہ فلم مس استنبول کی شوٹنگ کے دوران پیش آیا۔ ان کا کہنا ہے کہ میں ایک انٹروورٹ شخصیت کی مالک تھی اور ہمیشہ اپنے کام پر توجہ دیتی تھی، تاہم نوجوانی میں جذبات پر قابو پانا مشکل ہوتا ہے۔

پاکستان عافیہ صدیقی کی رہائی کی بات کرے' عینی طاہرہ

لاہور (این این آئی) اداکارہ و گلوکارہ عینی طاہرہ نے کہا ہے کہ پاکستان نے کامیاب سفارتکاری سے دنیا میں ایک نئی تاریخ رقم کر دی ہے، اپنی اہمیت کو دیکھتے ہوئے پاکستان کو عافیہ صدیقی کی رہائی کی شرط بھی رکھنی چاہیے اور یقینی طور پر پاکستان کے کردار کو دیکھتے ہوئے امریکہ اس پر ضرور عملدرآمد کرے گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ایران، امریکہ جنگ بندی اور معاہدے کے لئے جو غیر معمولی کردار ادا کیا ہے اسے تاریخ میں سنہرے الفاظ میں یاد رکھا جائے گا۔

احمد رشدی کا یوم پیدائش 24 اپریل کو منایا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے معروف گلوکار احمد رشدی کا یوم پیدائش 24 اپریل کو منایا جائے گا۔ انہوں نے پاکستان کی فلمی موسیقی پر 32 سال تک راج کیا۔ احمد رشدی نے فنی سفر کا آغاز 1951 میں بھارتی فلم عبرت کے گیت سے کیا جس کے بعد انہوں نے پانچ سو سے زائد فلموں کے لئے پانچ ہزار گیت گائے اور انہیں جنوبی ایشیا کے پہلے باقاعدہ پاپ سنگر ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ احمد رشدی کی گائیکی کے انداز کو خطے کے دوسرے ممالک میں بھی نقل کیا جاتا رہا۔ احمد رشدی نے اپنے کیریئر کے دوران پانچ مرتبہ نگار ایوارڈ سمیت درجنوں ایوارڈ حاصل کیے۔

اریکا حق سے کیا رشتہ ہے؟ عاشر وجاہت نے حقیقت بتا دی

مداحوں کی جانب سے دونوں کی جوڑی کو خوب پسند کیا جا رہا ہے



کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز کے ابھرتے ہوئے اداکار اور گلوکار عاشر وجاہت نے نوجوان اداکارہ اریکا حق کے ساتھ اپنے رشتے کی حقیقت بتا دی۔ حال ہی میں ایک یوٹیوب پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے عاشر وجاہت نے سوشل میڈیا پر اپنی اریکا حق کے درمیان قربت کی افواہوں پر وضاحت کر دی۔ انہوں نے کہا کہ مداح اکثر اپنے پسندیدہ فنکاروں کو حقیقی زندگی میں بھی ایک ساتھ دیکھنا چاہتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ لوگ انہیں اور اریکا کو بھی ایک جوڑی کے طور پر دیکھنے لگے ہیں۔ اداکار کا کہنا تھا کہ وہ اس رجحان کو منفی نہیں لیتے۔

بھارتی اداکارہ نے بگ باس شو کی حقیقت بتا دی

کھانے میں مرے ہوئے چوہے اور لال بیگ ہونیکا انکشاف



ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ نے ریئلیٹی شو بگ باس مراٹھی سیزن چھ کے حوالے سے انکشاف کیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکارہ نے سوشل میڈیا پر ویڈیوز شیئر کیں جن میں ان کے جسم کے مختلف حصوں بشمول کمر، بازو، ٹانگوں اور جسم پر دھبے اور نشانات تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سونالی نے پروڈیوسرز کو قانونی نوٹس بھیجا ہے، جس میں الزام لگایا گیا ہے کہ شو میں شرکت کے دوران انہیں ذہنی اور جسمانی دونوں طرح کی پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ اداکارہ کے مطابق شو میں حفظانِ صحت کے اصولوں پر بالکل عمل نہیں کیا گیا۔

سپورٹس SPORTS

بابر اعظم ہمیشہ ہی ورلڈ کلاس تھا، اظہر محمود

پاکستان میں 180 یا 190 اسٹرائیک ریٹ والا کوئی نہیں، گفتگو

کراچی (این این آئی) پشاور زلمی کے اسسٹنٹ اور بولنگ کوچ اظہر محمود نے کہا ہے کہ بابر اعظم ہمیشہ ہی ورلڈ کلاس تھا اس لئے ان کے 30، 35 رنز قبول نہیں کئے جاتے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہئے اظہر محمود نے کہا کہ پاکستان میں 180 یا 190 اسٹرائیک ریٹ والا کوئی نہیں۔ انہوں نے ٹیم کے کپتان بابر اعظم کے بارے میں کہا کہ بابر ہمیشہ ہی ورلڈ کلاس تھا، ان کے ساتھ آپ کو تسلسل ملتا ہے۔ اظہر محمود نے کہا کہ نے کہا کہ ہم نے اپنا شیڈول دیکھ کر پی ایس ایل کیلئے اسکواڈ بنایا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پر امید ہوں کہ ہمارے پاس ملک میں کافی ٹیلنٹ ہے،



غلطیوں سے سیکھنے کی کوشش کرتا ہوں، حارث رؤف

ہارنے کی عادت 5 سال پہلے چھوڑ چکے، اب قلندرز نے فتح کو عادت بنالیا

کراچی (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کی ٹیم لاہور قلندرز کے فاسٹ بولر حارث رؤف نے کہا ہے کہ ہم ہارنے کی عادت 5 سال پہلے چھوڑ چکے، اب 3 بار ٹرافی جیت کر فتح کو عادت بنا لیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ راولپنڈیز کے خلاف میچ میں بیٹرز نے بڑا اسکور کیا تو ہمارے لیے بھی اسکور ڈیفینڈ کرنا آسان ہوا، وکٹ آسان نہیں تھا، ہمارے بیٹرز کو کریڈٹ جاتا ہے۔ حارث رؤف نے کہا کہ جب پرفارمنس نہیں ہوتی تو غلطیوں پر کام کیا جا رہا ہوتا ہے، جو غلطیاں پچھلے 3 میچز میں ہوئیں وہ دور کیں، آپ خود پیس کی بات کرتے اور جب تیز بولنگ ہوتو کہتے ورائٹی نہیں۔ حارث نے کہا کہ میں اپنی غلطیوں سے سیکھنے کی کوشش کرتا ہوں۔

راشد خان نے بھارتی و آسٹریلوی شہریت کی پیشکش ٹھکرا دی

اگر میں افغانستان کے لیے نہیں کھیلوں گا تو کسی اور ملک کے لیے بھی نہیں کھیلوں گا

کابل (این این آئی) افغانستان کرکٹ ٹیم کے معروف لیگ اسپنر راشد خان نے انکشاف کیا ہے کہ مجھے بھارت اور آسٹریلیا کی جانب سے شہریت اور کرکٹ کھیلنے کی پیشکش کی گئی تھی مگر میں نے صاف انکار کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق راشد خان نے بتایا کہ 2023ء کے ایک واقعے میں ایک اہم شخصیت نے مجھے مشورہ دیا تھا کہ میں افغانستان چھوڑ کر بھارت میں قیام اختیار کر لوں اور وہیں کرکٹ کھیلوں لیکن میں نے جواب دیا کہ میں اپنے ملک افغانستان کی نمائندگی جاری رکھوں گا۔ انہوں نے بتایا کہ اس طرح کی پیشکشیں مجھے پہلے بھی مل چکی ہیں مگر میرا موقف واضح ہے کہ اگر میں افغانستان کے لیے نہیں کھیلوں گا تو کسی اور ملک کے لیے بھی نہیں کھیلوں گا۔ راشد خان نے اپنے فیصلے کو وطن سے وفاداری قرار دیتے ہوئے کہا کہ میری پہلی ترجیح ہمیشہ افغانستان ہے۔

جو پہلے پرفارم کرتا ہے وہ ٹیم میں جگہ بنانے کا مستحق ہے، باسط علی

شان مسعود بنگلا دیش کے خلاف ٹیسٹ میں نمبر تین پر کھیلے گا تو کپتان بنانے کا فائدہ نہیں ہے

کراچی (این این آئی) سابق کرکٹر باسط علی نے کہا کہ شان مسعود بنگلا دیش کے خلاف ٹیسٹ میں نمبر تین پر کھیلے گا تو کپتان بنانے کا فائدہ نہیں ہے۔ ایک انٹرویو میں سابق کرکٹر باسط علی نے کہا کہ جو پہلے پرفارم کرتا ہے وہ ٹیم میں جگہ بنانے کا مستحق ہے جو پہلے کھیلا نہیں ہے وہ کیسے باہر ہو جاتا ہے میری سمجھ سے باہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کامران غلام ٹیسٹ کرکٹ سے کیسے باہر ہو سکتا ہے مجھے پتا ہے وہ کیسے باہر ہوا ہے۔ کامران اکمل نے کہا کہ محمد رضوان کے ہوتے ہوئے غازی غوری کو پلیئنگ الیون میں شامل نہیں کیا جائے گا میرے خیال سے وہ بیک اپ وکٹ کیپر گئے ہیں۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ غازی غوری کی پیٹرنز ٹرافی میں پرفارمنس نمبر ٹو پر ہے جبکہ نمبر ون پر عبداللہ فضل ہیں جو ٹیم کا حصہ ہیں، وہ دو سال سے کھیلتے ہوئے آ رہے ہیں جو ٹیم میں شامل ہونے پر مستحق بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ علی عثمان کا کیا قصور ہے۔

ملتان سلطانز کا حصہ بننا ان کے لیے ایک خواب کی تعبیر ہے، حمزہ ظہور

لاہور (این این آئی) ملتان سلطانز نے آئندہ پاکستان سپر لیگ سیزن کے لیے پاکستان انڈر 19 ٹیم کے باصلاحیت وکٹ کیپر بیٹر حمزہ ظہور کو سکواڈ میں بطور لیٹ ایڈیشن شامل کر لیا ہے۔ ٹیم انتظامیہ کے مطابق ان کی شمولیت سے سکواڈ کو نہ صرف مضبوطی ملے گی بلکہ نوجوان توانائی اور حکمت عملی میں بھی لچک پیدا ہوگی، جو ٹورنامنٹ سے قبل تیاریوں میں مددگار ثابت ہوگی۔ اس نئی شمولیت کے بعد ملتان سلطانز کا اسکواڈ مکمل ہو کر 22 کھلاڑیوں پر مشتمل ہو گیا ہے۔ فرنچائز کے پاس اب بھی پلیئر پرس میں 5 لاکھ 7 روپے باقی ہیں جبکہ حمزہ ظہور کو سیزن کے لیے 2 لاکھ 4 روپے معاوضہ دیا جائے گا۔ اپنے بیان میں حمزہ ظہور نے کہا کہ ملتان سلطانز کا حصہ بننا ان کے لیے ایک خواب کی تعبیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے سینئر کھلاڑیوں سے سیکھنا اور ٹیم کے

قوتِ نسواں مارشل آرٹس بوٹ کیمپ کا انعقاد دو سو زائد طالبات کی شرکت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مارشل آرٹس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام قوتِ نسواں مارشل آرٹس بوٹ کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں مارشل آرٹس اور ہنگامی حالات میں دفاع کی تربیت کے ذریعے خواتین کو بااختیار بنانے اور ان کی ذاتی حفاظت کو یقینی بنانے کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ خیبر میڈیکل کالج پشاور میں منعقدہ تربیتی کیمپ میں خیبر پختونخوا کے مختلف اداروں سے تعلق رکھنے والی دو سو سے زائد طالبات اور پیشہ ور خواتین نے بھرپور شرکت کی۔ فی میل فزیشنز سوسائٹی پاکستان سے وابستہ لیڈی ڈاکٹرز نے بھی اس کیمپ میں شرکت کی، یہ اقدام آئی ایف ایم ایس اے پاکستان کے صدر محمد زید کے اس وژن کا حصہ ہے۔

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار

اندراج تاریخ پیدائش
اندراج تاریخ وفات
اطلاع گمشدگی
درستگی نام
تبدیلی نام
اعلان لاتعلقی
عاق نامہ
اطلاع گمشدگی

تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

بریفنگ لینے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے بتایا کہ ضلع شیخوپورہ کے لیے ایک دو نہیں بلکہ 48 ارب روپے کا تاریخی ترقیاتی پیکیج دیا گیا ہے، جس کے تحت شہر بھر میں نئی سڑکوں کی تعمیر، جدید سیوریج سسٹم، واٹر ٹینکس اور بیوٹیفکیشن کے منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ ماضی کی طرح ترقی اب مخصوص علاقوں تک محدود نہیں بلکہ پنجاب کے ہر قصبے اور دیہات تک پہنچ رہی ہے اور واسا کے منصوبوں کے لیے 12.5 ارب روپے سے زائد کی رقم مختص کی گئی ہے۔عظمیٰ بخاری نے شہر کے لیے بڑی خوشخبری سناتے ہوئے کہا کہ اگلے 10 روز میں ماحول دوست الیکٹرک گرین بسیں سڑکوں پر ہوں گی، جو لاہور اور شیخوپورہ کے درمیان چلیں گی۔ یہ بس سروس خاص طور پر طالبات، ملازمت پیشہ خواتین اور بزرگوں کو ذلت آمیز سفر سے نجات دلائے گی۔ انہوں نے انتظامیہ کو بسوں کے لیے جدید ڈپوز اور چارجنگ اسٹیشنز کی تعمیر پر ہنگامی بنیادوں پر کام مکمل کرنے کی ہدایت کی۔صفائی کے نظام اور دیہی ترقی پر بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ "ستھرا پنجاب" اور "مثالی گاؤں" جیسے فلیگ شپ پروگراموں کے ذریعے دیہاتوں کا نقشہ بدلا جا رہا ہے، جہاں 809 ملین روپے کی لاگت سے سیوریج اور بنیادی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 74 سالوں بعد پہلی بار کوڑا اٹھانے کا منظم نظام بنایا گیا ہے اور وہ خود تصاویر منگوا کر اس کی نگرانی کر رہی ہیں۔انتظامی نظم وضبط کے حوالے سے وزیر اطلاعات نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر یا سیفٹی اقدامات پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے ڈی سی کو ہدایت کی کہ جہاں کھدائی ہو رہی ہے وہاں منصوبے کی تصویر اور تفصیلات آویزاں کی جائیں تاکہ عوام کو معلوم ہو کہ عارضی تکلیف کے بعد انہیں کیا بڑی سہولت ملنے والی ہے۔امن وامان پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے پولیس کی کارکردگی کو سراہا اور بتایا کہ ریپ جیسے سنگین کیسز میں 40 فیصد تک کمی واقع ہوئی ہے۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ منشیات کے خاتمے اور چائلڈ ابیوز کے خلاف کریک ڈاؤن کو مزید سخت کیا جائے گا، کیونکہ عوامی خدمت ہی ہماری سیاست کا محور ہے اور ہم اپنی کارکردگی سے ہی عوام کا اعتماد جیتیں گے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا وژن ہے کہ پورے پنجاب میں ترقیاتی کام ہوں اور کسی ایک علاقے کو پروٹوکول نہ ہو۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا گورننس ماڈل میرٹ پر مبنی ہے، جو کام کرے گا وہ اپنی سیٹ پر موجود رہے گا۔انہوں نے کہا کہ ہر طرف پنجاب کے سکولوں، ہسپتالوں، لائیو سٹاک، آرڈر اور گرین بسوں کی باتیں ہو رہی ہیں۔وزیراعلیٰ پنجاب نے تھوڑے عرصے میں 100 سے زائد منصوبے شروع کیے ہیں، جو کہ آسان کام نہیں ہے۔دن بدن لا اینڈ آرڈر کی صورتحال بہتر ہو رہی ہے، جس کا کریڈٹ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو جاتا ہے۔سوالات کے جواب دیتے ہوئے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ سی ایم پنجاب مریم نواز شریف سیاست کو عبادت کی طرح سمجھتی ہیں۔ 100 سے زائد منصوبے ڈیڑھ سے دو سال میں مکمل کرنا کوئی آسان کام نہیں۔ان کے لیے خدمت کی سیاست ہی اصل مقصد ہے اور یہی نون لیگ کا وطیرہ ہے۔انہوں نے کہا کہ نون لیگ نے ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا۔نون لیگ ہی کے سر یہ سہرا ہے کہ اس نے ملک کو نیوکلیئر پاور بنایا۔نون لیگ کی قیادت کو یہ کریڈٹ بھی جاتا ہے کہ چار گھنٹے کی جنگ کے بعد دشمن کو ایڑیاں رگڑنی پڑیں۔اب اسلام آباد ٹاکس کے حوالے سے بھی پاکستان کا نام پوری دنیا میں گونج رہا ہے۔مختلف اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ قیمتوں میں اضافہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے علم میں ہے اور بہت جلد قیمتیں کنٹرول ہوں گی۔انکا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب سرکاری سکولوں کو معیاری بنا رہی ہیں۔یہی وجہ ہے کہ اب نواز شریف سنٹر آف ایکسیلنس جیسے سکولوں میں داخلے کے لیے بچوں کی قطاریں لگی ہوئی ہیں۔

بقیہ 2

کے تحت جدت، اطلاقی تحقیق اور مہارتوں کی ترقی کے شعبوں میں تعاون کیا جائے گا تاکہ پاکستان میں صنعتی مسابقت کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔ نیوٹیک اپنی جدید تخلیقی سوچ، طلبہ کے منصوبے اور تحقیقی نتائج فراہم کرے گا، جبکہ جاز اسٹارٹ اپس اور جدت پر کام کرنے والی ٹیموں کو رہنمائی، تکنیکی معاونت اور مارکیٹ سے متعلق بصیرت فراہم کرے گا۔ دونوں ادارے صنعت سے متعلق تحقیقی سرگرمیوں، سیمینارز، ورکشاپس اور ٹیکنالوجی پر مبنی پروگرامز میں مشترکہ طور پر حصہ لیں گے۔اس شراکت داری میں مصنوعی ذہانت اور ڈیٹا سائنس جیسے جدید شعبوں میں پیشہ ورانہ تربیت، سرٹیفکیشنز اور افرادی قوت کی مہارتوں میں اضافہ بھی شامل ہے۔یہ اشتراک پاکستان میں ٹیکنالوجی، جدت اور انسانی وسائل کی ترقی کے فروغ کے لیے دونوں اداروں کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 3

کی سرکاری قیمت 3500 روپے فی من مقرر کی گئی ہے جبکہ اوپن مارکیٹ میں گندم 88 روپے فی کلوگرام کے حساب سے دستیاب ہے۔اس کے باوجود نجی کمپنیاں آٹا مہنگے داموں فروخت کر رہی ہیں۔تفصیلات کے مطابق نجی شعبے میں فی من آٹے کی قیمت 7200 روپے تک وصول کی جا رہی ہے جبکہ ریٹیل سطح پر آٹا 180 روپے فی کلوگرام تک فروخت ہو رہا ہے، جو مقامی پیداواری لاگت سے کہیں زیادہ ہے۔مقامی منڈی میں گندم کی پسائی کی 400 سے 500 روپے فی من مقرر ہے۔جس کے بعد ایک من آٹا تقریباً 4000 روپے میں تیار ہوتا ہے۔اس حساب سے فی کلو آٹے کی قیمت 98 سے 108 روپے کے درمیان بنتی ہے۔تاہم موجودہ مارکیٹ ریٹس اس سے کہیں زیادہ ہیں۔ماہرین معاشیات کا کہنا ہے کہ نجی کمپنیوں کی جانب سے قیمتوں میں اس قدر اضافہ غیر معمولی ہے اور اس صورتحال پر حکومتی نگرانی سخت کی جانی چاہیے تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے اور قیمتوں میں استحکام ممکن ہو سکے۔

بقیہ 4

کے مطابق ریڈ زون میں قائم تمام وزارتیں، ڈویژنز اور دیگر وفاقی ادارے گھر سے کام کرنے کا بتایا گیا تاہم افسران اور عملے کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے اسٹیشن پر موجود رہیں اور ضرورت پڑنے پر مختصر نوٹس پر دفتر پہنچنے کے لیے تیار رہیں۔

بقیہ 5

زیر صدارت سبسڈی عمل درآمد کا جائزہ اجلاس ہوا۔اجلاس میں صوبائی وزراء شرجیل میمن، مکیش چاولہ، چیف سیکرٹری آصف حیدر شاہ، پرنسپل سیکرٹری آغا واصف، سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ آصف اکرام، سیکرٹری خزانہ فیاض جتوئی، سیکرٹری ٹرانسپورٹ اسد ضامن، سیکرٹری ایکسائز سلیم راجپوت اور دیگر حکام شریک ہوئے۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ سندھ میں فیول سبسڈی اسکیم کے تحت

3 ہزار 976 گاڑیوں کو ادائیگی کی گئی، جس کی رقم 14 کروڑ 67 لاکھ روپے بنتی ہے جبکہ پانچ ہزار سے زائد کیسز کی ڈیٹا میں غلطیوں کے باعث تصحیح کا عمل جاری ہے۔وزیراعلیٰ سندھ نے تصدیقی عمل تیز کرنے کی ہدایت کی کہ 11 ہزار 980 مال گاڑیوں کا ڈیٹا جمع کیا جائے۔انہوں نے ٹرانسپورٹ اور ایکسائز محکموں کو وفاق سے رابطے کی ہدایت کی۔وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ شناختی کارڈ، آر سی اور ڈیٹا غلطیوں کو فوری درست کیا جائے۔وزیراعلیٰ سندھ نے ٹرانسپورٹ نظام کی ڈیجیٹلائزیشن پر اطمینان کا اظہار کیا۔وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ ایکسائز ڈپارٹمنٹ کو موٹر رجسٹریشن، پی ٹی ٹی اور آر سی کا نظام بھی خودکار کیا جائے۔سید مراد علی شاہ نے ٹریفک اور موٹر وے پولیس سے ای چالان نظام کے انضمام کی ہدایت دی۔انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کے ذریعے شفافیت اور کارکردگی بہتر بنائی جائے۔وزیراعلیٰ سندھ نے بغیر روٹ پرمٹ یا فٹنس سرٹیفکیٹ گاڑیوں کے خلاف کارروائی کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ گاڑیوں کی رجسٹریشن اور فٹنس کے لیے روٹ پرمٹ لازمی قرار دیا جائے۔انہوں نے فیلڈ چیکنگ اور جرمانوں کا نظام مزید سخت کرنے کی ہدایت کی۔مراد علی شاہ نے کہا کہ قانون کی خلاف ورزی پر بھاری جرمانے عائد کیے جائیں گے۔وزیراعلیٰ سندھ نے محکمہ ٹرانسپورٹ، ایکسائز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں میں مربوط رابطہ جبکہ سبسڈی شفاف، بروقت اور مستحق افراد تک پہنچانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 6

کے گھات اتارا دیا تھا سوتیلی بہن اور ماں کی گواہی پر سیشن کورٹ میانوالی نے سزائے موت کا حکم سنایا تھا لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ نے بھی ٹرائل کورٹ کی سزا کو بحال رکھا تھا بعد ازاں سپریم کورٹ آف پاکستان نے بھی ملزم غلام مصطفیٰ کی اپیل کو خارج کر دیا تھا ملزم نے ماں کی موجودگی میں جو باپ کا قاتل ہے اس کیلئے کوئی معافی نہیں یوں تو جرم کی مکافات رہائی کی گئی تھی مجرم برسوں سے بری کرنے کی کوشش کرتے رہے جس کے بعد سپریم کورٹ آف پاکستان کی جانب سے اس کی تاریکی سزا پر عمل درآمد کیا گیا، جس کے بعد غلام مصطفیٰ سزائے موت کے مجرم کو بالآخر وحشی اور سنگین جرم کے مرتکب ہونے والا شخص کسی بھی رعایت کا مستحق نہیں ہے۔

بقیہ 7

بھی ختم کر دی گئی ہے۔ جسٹس شاہد کریم نے کیس کی گزشتہ سماعت کا تفصیلی تحریری حکم جاری کیا، جس میں عدالت نے واضح کیا کہ حکومتی نوٹیفکیشن کے بعد اس نئے منظور شدہ ریگولیشن 2026 کے مطابق آگے بڑھنا ہے۔ تاہم حکم میں یہ بھی کہا گیا کہ ایسی عمل پابندی لازمی ہوگی۔عدالت نے تمام قانونی تقاضوں کی ترقیاتی منصوبے کے آغاز سے قبل تمام ضروری قانونی اور ماحولیاتی تقاضے پورے کیے جائیں۔ عدالت نے تحت لاہور اور پنجاب کی مختلف ضوابط کے مطابق یقینی بنانے کا حکم دیا۔ مزید برآں عدالت نے کمیشن کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو ہر مرحلے پر موثر نگرانی یقینی بنائی جائے تاکہ ماحولیاتی تحفظ کے اصولوں کی خلاف ورزی نہ ہو۔تحریری حکم میں بتایا گیا کہ پنجاب حکومت کی جانب سے اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل حسن اعجاز چیمہ عدالت میں پیش ہوئے اور مقف اختیار کیا کہ ایل ڈی اے بلڈنگ اور سول سوسائٹی کی تجاویز کو مدنظر رکھتے ہوئے پبلک پارکس اور گرین بیلٹس کے تحفظ کے لیے ریگولیشنز 2026 تیار کیے گئے ہیں۔عدالت کو آگاہ کیا گیا کہ ان ریگولیشنز کا نوٹیفکیشن 17 مارچ 2026 کو جاری کیا جا چکا ہے۔ جس کے بعد اب ان پر عملدرآمد کی راہ میں کوئی قانونی رکاوٹ باقی نہیں رہی۔ عدالت نے قرار دیا کہ ترقیاتی منصوبے نئے قوانین کے تحت جاری رکھے جائیں گے۔ تاہم ماحولیاتی تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ کیس کی مزید سماعت 6 اپریل تک ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ 8

سے سرحد کی مد میں ٹیکسز کی بھاری وصولی کی جاتی ہے۔ چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی مصطفیٰ اقبال سپرا کی زیر صدارت اجلاس میں تمام ڈویژنل کمشنرز کو ہدایات جاری کی گئیں۔ چیئرمین پی آر اے نے ہدایت کی کہ ہاؤسنگ سیکٹر سے سرحد فراہم کی جانے والی سروسز کے ریکارڈ کی چھان بین جلد مکمل کی جائے، سرحد پر ٹیکس کے نظام کو بہتر اور شفاف کیا جائے، مالی ادائیگی نہ کرنے والے عناصر کے گرد گھیرا تنگ کیا جائے۔ پنجاب بھر میں پرائیویٹ ہاؤسنگ سوسائٹیز سرحد کی مد میں ماہانہ بھاری فیسیں وصول کرتی ہیں، ماہانہ ادائیگی میں بھاری جعلسازی کی جاتی ہے جبکہ گوشواروں میں انفورسمنٹ افسران انکم ٹیکس پیئرز کے تمام پہلوؤں سے جانچ پڑتال کا عمل تیز بنا رہے ہیں۔

بقیہ 9

کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت پاکستان ملک سے دہشتگردی کی لعنت کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہے۔ دریں اثناء ایک بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کے 2 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ بھارتی پشت پناہی کے حامل دہشتگردوں کا فتنہ الخوارج کے دہشتگرد پاکستان کے لیے ناسور ہیں جنہوں نے ملک میں تباہی پھیلا رکھی ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان میں جب بھی امن قائم ہونے لگتا ہے اور ہمارا ملک ترقی کی راہ پر آگے بڑھتا ہے تو دشمن سازشیں کرنے لگتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا جائے گا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے 2 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جرأت کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے جوانوں پر ناز ہے۔ قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 10

سبسڈی حاصل کرسکیں گے۔ واضح رہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد سبسڈی کے پیش نظر کسانوں کو ریلیف دینے کا وزیراعلیٰ مریم نواز نے اعلان کیا تھا۔ حکومتی پالیسی کے تحت کسانوں کو فی ایکڑ سبسڈی دی جائے گی جبکہ ڈیزل پر سبسڈی صرف رجسٹرڈ کسانوں کو ملے گی۔

بقیہ 11

جسٹس چوہدری محمد اقبال نے کیس کی سماعت کی۔ درخواست گزار شہباز احمد بٹ اور فرزانہ تبسم نے درخواستیں دائر کیں۔ درخواست گزاروں کی جانب سے کیا گیا کہ وکیل محمد اظہر صدیق نے دلائل دیے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے اپنے موقف اپنایا کہ سرکاری خزانے پر عمل درآمد کی ذمہ داری ہے۔ کسی بھی خلاف جرم قرار دے دیا جائے، وکلاء کا کہنا تھا کہ وکلا نے سہولیات پہنچانے کے خلاف جس کی بجائے تنخواہ بیٹھے اور عوامی و دیگر قانونی تقاضوں کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ رولز کی آرٹیکلز قانون کی کھلی خلاف ورزی کی جا رہی

بقیہ 12

ہے۔استدعا ہے کہ عدالت تحفظ کلاء کا قانون پر فوری عمل درآمد کا حکم دے۔دوران سماعت اسسٹنٹ اٹارنی جنرل نے جواب جمع کرانے کے لیے مہلت طلب کی جس پر عدالت نے سماعت 23 اپریل تک ملتوی کر دی۔

منصوبے کے تعمیراتی کاموں میں ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لیا۔متعلقہ افسران نے نیشنل پولیس اکیڈمی منصوبے میں ہونے والی پیشرفت کے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ نیشنل پولیس اکیڈمی منصوبے کے تمام حصوں میں ہونے والے تعمیراتی کام کی تکمیل کی اور زیر تعمیر عمارت تقریباً 9 منزلوں پر مشتمل ہے۔ منصوبے کے تمام منزلوں کا تعمیراتی کام تکمیلی مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ تعمیراتی کاموں کی تیزی کے ساتھ جاری ہے۔ برفنگ سے بتایا گیا کہ اکیڈمی میں زیر تربیت جوانوں کیلئے جدید ٹریننگ کی سہولیات بھی شامل ہوں گی۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے تیسرے منصوبے کی باقی ماندہ تعمیراتی کاموں کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ اکیڈمی میں زیر تربیت جوانوں کیلئے تمام سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے میں شامل تمام تعمیراتی اور فنشنگ کے کاموں کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جائے۔ بعدازاں چیئرمین سی ڈی اے نے سیکٹر ایف الیون میں اسلام آباد سیف سٹی منصوبے کے تحت تعمیر ہونے والی سیف سٹی کی عمارت کا دورہ کیا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے سیف سٹی منصوبے کے بارے میں بتایا گیا کہ منصوبے کی تعمیر جدید خطوط پر استوار کی جا رہی ہے۔ ایلیٹ پولیس سکول میں تربیت کیلئے جدید رہائشی بلاکس، ٹاورز اور منسلک ضروریات کیلئے جدید تعمیرات کی جا رہی ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے ڈپٹی کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے تعمیراتی کاموں کی بروقت تکمیل کیساتھ ان کے اعلیٰ معیار کو بھی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 13

صرف مزار کی روحانی و تاریخی عظمت کو مزید اجاگر کرے گا بلکہ اس کی انفرادی شناخت کو بھی منفرد اور دلکش شناخت فراہم کرے گا۔ گنبد مبارک اور اسلامی فن تعمیر اور جدید انجینئرنگ کا حسین امتزاج ہوگا۔ زائرین کے لیے روحانی اور بصری کشش کا مرکز بنے گا۔ مزار کے توسیعی منصوبے کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے، جو منصوبے کی تکمیل میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار دربار کے توسیعی منصوبے کی تفصیلی دورے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف زبیر زبیر، جنرل منیجر عامل نذیر، سپرنٹنڈنگ انجینئر سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ حسن بن طاہر، انجینئر انچارج ڈبلیو سی ایس، ایڈمنسٹریٹر دربار محمد علی خان، منیجر دربار گوہر مصطفیٰ، انجینئر اوقاف ذوہیب محمود اور متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران انہوں نے برطانوی ٹیکنالوجی کی گنبد کی تعمیر نہایت باریک بینی، مضبوط ڈھانچے، تعمیراتی ہم آہنگی اور تعمیراتی جمالیات کو مد نظر رکھتے ہوئے کی جا رہی ہے۔ بالائی ڈھانچے کی تعمیر کو بھی اعلیٰ معیار کے ساتھ یقینی بنایا جائے گا۔ جبکہ اسے اعلیٰ معیار کے سنگ مرمر کی کٹنگ اور خوبصورت اسلامی خطاطی سے مزین کیا جائے گا۔ پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ تمام تعمیراتی کام مزار کی شان و شوکت کے شایان شان مکمل کیے جائیں۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کام کی رفتار اور معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ہم آہنگی کو سراہا اور ہدایت کی کہ اس رفتار کو برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گنبد مبارک منصوبے کی تمام اہم تعمیراتی کام ہوں گے۔ آئندہ دو ماہ میں مکمل کر لیا جائے گا۔ نئے فیز میں زائرین کے لیے بہتر سہولیات یقینی بنانے کے لیے مزار کے ساتھ مزید اراضی کا حصول کیا جائے گا۔ اس مقصد کے لیے 4 کنال 4 مرلہ اور 17 کنال 6 مرلہ اراضی حاصل کی جائے گی۔ اس کے علاوہ 4 کنال 4 مرلہ کے رقبے پر جدید طرز کی کار پارکنگ اور تمام مزار کی عمارت تعمیر کی جائے گی۔ اس کے علاوہ جدید مدرسہ کمپلیکس اور دیگر عمارتیں بھی تعمیر کی جائیں گی۔ جو زائرین کے لیے ایک ہی جگہ زیادہ سہولیات فراہم کریں گی۔ اس منصوبے کے تحت پنجاب حکومت مزارات کی بہتری، زائرین کی سہولیات میں اضافہ اور ان کی روحانی اہمیت کے تحفظ کے لیے جامع اقدامات کر رہی ہے اور یہ منصوبہ حضرت بری امام کی روحانی عظمت اور تعمیراتی شان کو آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 14

اعجاز احمد بوسال نے کیس کا ٹرائل مکمل کیا اور فریقین کے دلائل سننے کے بعد مجرم کو سزا سنانے کا فیصلہ جاری کیا۔ پراسیکیوشن کا کہنا ہے کہ مجرم نے اپنی اہلیہ شمیم بی بی کا کچہری کے احاطے میں گلا کاٹ کر قتل کیا تھا۔ تھانہ کچہری پولیس نے 2025 میں مجرم کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا۔

بقیہ 15

سماعت ہو اور روابط برقرار رہے۔

بقیہ 16

آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کے ہمراہ شہر کے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا معائنہ کیا۔ جس کے دوران موجود پولیس افسران اور جوانوں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے چیکنگ کے مؤثر انتظامات اور عوام کے تحفظ کے لیے کئے گئے اقدامات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ انہوں نے ناکہ بندی کو مزید موثر اور بامقصد بنانے کی ہدایت کی۔ تمام افسران ہمہ وقت الرٹ رہیں، مشکوک افراد اور گاڑیوں کی مؤثر چیکنگ یقینی بنائیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ کنٹرول روم کو دیں۔ اس دوران اسلام آباد پولیس نے جنرل شہر میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کیلئے تمام ضروری انتظامات مکمل کیے اور شہریوں کی سہولت کو بھی مدنظر رکھا۔ شہریوں کی سہولت اور رہنمائی کے لیے متبادل راستے فراہم کیے جا رہے ہیں۔ عوام کو بروقت آگاہ کرنے کیلئے ٹریفک ایڈوائزری جاری کی گئی۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس شہریوں کی رہنمائی اور سہولت کے لیے بھی تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔ شہریوں سے حسن اخلاق اور احترام کے ساتھ پیش آئیں، پولیس اور عوام کے درمیان باہمی اعتماد کو فروغ دیا جائے۔ اس موقع پر انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو اولین ترجیح دیتی ہے، اسی مقصد کے حصول کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 17

پانی فراہمی کے نظام کا 92 فیصد کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاہور میں شرمپ فارمنگ کیلئے لیے 365 ایکڑ اراضی کی منظوری دی جس میں سے 100 ایکڑ مکمل طور پر تیار کر لیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پیلی چھلی فارمنگ کا منصوبہ بھی 500 ایکڑ پر مکمل کر لیا گیا ہے۔ 2020 ٹیوب ویل سکیم کی تعمیر میں سے ایک بڑی پیشرفت ہے، 90 فیصد سے زائد تعمیر ہو چکی ہے۔ جبکہ ایڈمن بلاک اور دیگر انفراسٹرکچر کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ ایڈمن بلاک، شرمپ اسٹیٹ کا

1267 ایکڑ میں سے 90 فیصد رقبہ کلیئر کر دیا گیا۔ 737 میں سے 642 تالابوں کی کھدائی بھی مکمل کر لی گئی۔ ڈرینج سسٹم پر 91 فیصد کام مکمل ہو گیا جبکہ ایم ڈی سی ڈرینز کی کھدائی کا 100 فیصد کام بھی مکمل ہو چکا ہے۔ 9000 میٹر روڈ نیٹ ورک کا سروے اور ڈیزائننگ کا کام مکمل کر لیا گیا اور فارمنگ کا 80 فیصد کام بھی مکمل ہو گیا ہے۔ علی والا شرمپ فارمنگ منصوبے کے تحت 317 ٹیوب ویلز کی بورنگ کا کام مکمل ہو گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے منصوبے کا بنیادی ڈھانچہ مکمل ہو چکا ہے۔ ایڈمن آفس، ہاسٹل، ویئر ہاؤس اور لیبر کی رہائشی عمارت کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ جن میں سے بنیادوں کی 100 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ شاہ گڑھ شرمپ فارم میں مزید 80 تالابوں کی کھدائی، الیکٹرک بیکشن 95 فیصد اور ایلیس پیکیج کی تعمیر کا 97 فیصد کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت صوبے میں پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر جھینگوں کی افزائش کا پہلا منصوبہ شروع کیا گیا ہے۔ جس کے استعمال کے لیے جدید سائنسی طریقوں سے جھینگوں کی افزائش کے لیے ڈیٹا کا تجزیہ بھی مکمل کیا گیا ہے۔ پانی کا استعمال اور ماحول کی بہتری کی منصوبہ بندی کر دی گئی ہے۔ ماہرین کے ذریعے پایا گیا ہے۔ منصوبے کو کامیاب بنانے کے لیے کی رپورٹ کے مطابق جھینگوں کی افزائش کے لیے ٹیوب ویلز کا 114 کلو گرام فراہم کیا گیا۔ جنوبی پنجاب کے تجربات کی بنیاد پر روزانہ 114 کلوگرام فراہم کیا گیا ہے۔ جس میں جھینگوں کی افزائش کے لیے ایک معیار اور پیداوار میں بہتری کی توقع ہے۔ پنجاب میں یہ حوصلہ افزائی ملی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شرمپ فارمنگ منصوبے کا کام شروع کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کا ہدایت کی کہ شرمپ فارمنگ پنجاب کے لئے بڑا کام ہے۔

بقیہ 18

ایرجنسی آپریشن سنٹر کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق 4 کروڑ 47 لاکھ سے زائد بچوں کو ویکسین دی گئی۔ پولیو ورکرز کی انتھک محنت کے باعث ملک بھر میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے۔ پولیو قطرے پلانے کے ساتھ ساتھ ویکسین کی اہمیت پر آگاہی مہم بھی چلائی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق پنجاب میں 2 کروڑ 30 لاکھ سے زائد، سندھ میں ایک کروڑ 4 لاکھ، خیبر پختونخوا میں 72 لاکھ اور بلوچستان میں 26 لاکھ 41 ہزار بچوں کو ویکسین دی گئی۔ اسلام آباد میں 4 لاکھ، گلگت بلتستان میں 2 لاکھ 92 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے۔ اسی طرح آزاد جموں و کشمیر میں 7 لاکھ 17 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین دی گئی۔ پولیو ورکرز کے مطابق بعض علاقوں میں والدین کی جانب سے ویکسین سے انکار کے واقعات بھی سامنے آئے تاہم ایک بڑی کامیابی ہے۔ فراہم کردہ اعداد و شمار کے مطابق پولیو ورکرز کی جانب سے بچوں کو کامیاب بنانے کے لیے اقدامات کیے گئے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ صحت کے نظام میں 8 لاکھ سے زائد ملی بچوں کو ویکسین دی گئی ہے۔ عوام کو ہر مرحلے میں تعاون کرنا ہوگا۔ کیونکہ حکومت کی کوشش اور مسلسل ویکسینیشن نہایت ضروری ہے۔ اس سال پولیو کے کیسز میں نمایاں کمی دیکھی گئی ہے۔ جبکہ ماحولیاتی نمونوں میں بھی وائرس کی موجودگی کے خطرات کم ہو رہے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ پولیو وائرس کی منتقلی کا خطرہ اس وقت تک برقرار رہے گا جب تک ہر بچے کو ویکسین نہ دی جائے۔ پاکستان دنیا کے ان 2 ممالک میں شامل ہے جہاں پولیو اب بھی موجود ہے جبکہ دوسرا ملک افغانستان ہے۔

بقیہ 19

شہر بھر میں آپریشن کے دوران 10 دکانوں پر چھاپے مارے، 3 دکانیں سیل اور 6 لاکھ 95 ہزار روپے جرمانے عائد کر دیے گئے۔ اس کے علاوہ 800 کلو غیر معیاری اشیاء خورد و نوش تلف کی گئیں۔ غیر معیاری سوڈا واٹر، 40 لٹر خوراک میں جعلسازی کی گئی اور مضر صحت اشیاء کی فروخت پر کارروائی کی گئی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے کہا کہ گاڑی میں لائسنس کے بغیر مال کو استعمال کیا گیا۔ لائسنس کے بغیر سپلائی کی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سٹور میں پلاسٹک کے استعمال شدہ مواد کو فوری ضبط کیا گیا۔ غیر معیاری اشیاء کی تیاری میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی گئی۔ بغیر لائسنس کے کاروبار کرنے والوں کے خلاف بھی کارروائی کی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ خوراک کے کاروبار کی نگرانی کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔ ملاوٹ مافیا کو لگام ڈالیں گے۔

بقیہ 20

ورزی کر رہے تھے۔ پبلک سروس کمیشن کے تحت غیر قانونی اور غیر معیاری اشیاء کی فروخت کے خلاف جاری مہم کا حصہ ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر شہزادی کا کہنا ہے کہ غیر قانونی کاروبار سے متعلق قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ مزید کہا کہ شہریوں کو معیاری اور محفوظ اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنانا ترجیح ہے۔ عوام کے تحفظ کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 21

پروگرام کے تحت تقریباً 23 کروڑ روپے لاگت سے اپ گریڈیشن کی جا رہی ہے۔ منصوبے کے تحت مختلف علاقوں اور معروف بازاروں میں مکمل کیا جائے گا۔ منصوبے پر کام کے دوران پانی جمع ہونے کے مسئلے کا مستقل حل یقینی بنایا جائے گا۔ تین نئی سڑکوں اور سٹورم واٹر ڈرینز کی تعمیر بھی کی جائے گی۔ پانی ذخیرہ کرنے کے لیے سٹورم ٹینک بھی تعمیر کیے جائیں گے۔ منصوبے کے تحت سڑکوں کی مرمت و تعمیر، فٹ پاتھ، لائٹنگ اور سیوریج لائنوں کی تنصیب بھی شامل ہے۔ دیوان کے مطابق اس منصوبے سے شہریوں کو ٹریفک کی روانی میں بہتری آئے گی۔ بارشوں کے دوران شہریوں کو پانی جمع ہونے سے نجات ملے گی۔ سول انتظامیہ کے مطابق منصوبے کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے گی۔ اس سلسلے میں متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 22

کے امن، استحکام اور عالمی ترقی سے متعلق ہے۔ اس کے علاوہ کئی ادارے صدر اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ویژن کے مطابق ہیں۔ زبان کی اہمیت اور زبان کو فروغ دینے کیلئے عوام میں آگاہی اہم ہے۔ چینی زبان سیکھنے سے تجارتی، سفارتی اور معاشی مواقع بڑھیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب پولیس کے ساتھ تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔ چینی زبان کی تعلیم سے پاکستان اور چین کے درمیان تعلقات کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 23

مانگنے والے 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ملزمان محمد علی

چوک ٹان شپ میں ٹریفک سگنل کو بند کر کے ٹریفک روکنے کے بہانے بھتہ وصول کر رہے تھے۔ ملزمان ٹریفک روک کر پھول بیچنے کے بہانے شہریوں سے بھیک مانگتے تھے۔ گرفتار ملزمان میں علی رضا، علی، دلاور اور حمزہ شامل ہیں جس کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔ ایس پی صدر رانا حسین طاہر کے مطابق ٹریفک روانی میں خلل ڈالنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 24

اطلاع موصول ہوئی، جہاں میاں بیوی کے درمیان گزشتہ شب گھریلو ناچاقی پر معاملہ شدت اختیار کر گیا۔ بیوی کے بھائیوں نے مل کر بہنوئی اللہ یار اور اس کے بھائی کو تشدد کا نشانہ بنایا۔ مرنے والوں کی لاشیں ہسپتال منتقل کر دی گئیں۔ پولیس کے مطابق گھر میں جھگڑے کے دوران ملزمان نے تیز دھار آلے سے حملہ کیا۔ زخم آئے جس کے نتیجے میں دونوں افراد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان فرار ہو گئے۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن نے جائے وقوعہ کا دورہ کیا۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ ایس پی کا کہنا ہے کہ قانون کو ہاتھ میں لینے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

بقیہ 25

شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 خوارج ہلاک کر دیے گئے۔ ہلاک خوارج میں رنگ لیڈر وحید اللہ عرف افتخار بھی شامل ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک خوارج سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ خوارج رنگ لیڈر وحید اللہ عرف افتخار دہشتگردی کی متعدد کارروائیوں میں مطلوب رہا ہے۔ جو انتہائی مطلوب دہشتگردوں کی فہرست میں شامل تھا۔ وحید اللہ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر حملوں میں ملوث تھا۔ خوارج رنگ لیڈر وحید اللہ 21 فروری 2026 کو بنوں میں خودکش حملے کا مرکزی سہولت کار تھا۔ بنوں حملے کے نتیجے میں لیفٹیننٹ کرنل گل فراز شہید ہوئے تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن کے ذریعے اس گھناؤنے فعل کا بدلہ لے لیا گیا ہے۔ ملوث مجرموں کو انجام تک پہنچایا گیا۔ سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کیا گیا۔ پاک فوج، سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے عزم استحکام کے تحت دہشتگردی کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری رکھیں گے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہیں۔ قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 26

تحت تمام بڑے شعبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق سالانہ پلان 27-2026 کے تحت صوبائی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سماجی اور معاشی ترقی کے اقدامات کی تفصیلی رپورٹ مرتب کی جائے گی۔ وفاقی حکومت کی پالیسیوں کو ماحولیات، معاشی برابری اور شہری سہولتوں سے متعلق اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ متعلقہ اداروں کو ٹائم لائن کے مطابق کام مکمل کرنے کا کہا گیا ہے۔ منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے۔ وفاقی حکومت کے سالانہ پلان میں صوبائی ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر شامل کیا جائے گا۔ پاکستان کی ترقی کے لیے تعاون جاری رہے گا۔

بقیہ 27

پروٹیکٹری آفیسر نے غیر قانونی سلاٹر ہاؤس سے گوشت کے 160 کلو 4 من تلف کیا گیا۔ غیر قانونی سلاٹر ہاؤس سے گوشت برآمد کر کے ضبط کیا گیا اور مالکان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ علاقوں میں ملاوٹ شدہ اور مضر صحت گوشت کی سپلائی کی جا رہی تھی۔ اس سلسلے میں سرکاری افسران اور عملہ موقع پر پہنچا اور کارروائی عمل میں لائی۔ پولیس تھانہ میں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا اور ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔

بقیہ 28

پراسیکیوٹر میٹرو کی تعمیر کا منصوبہ ہے۔ اسمارٹ سٹی کے منصوبے میں بجلی، پانی، گیس اور دیگر سہولیات کی فراہمی شامل ہے۔ منصوبے کے تحت 40 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ کمرشل، رہائشی اور صنعتی علاقوں کو الگ الگ بلاکس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں اصلاحات بھی کی گئی ہیں۔

بقیہ 29

موجود گی۔ ملزم کی شناخت شفقت رحمان ولد عبد الرحمن کے نام سے ہوئی۔ کنڈیوال روڈ، گوجر خان سے پکڑا گیا۔ اس سے پولیس نے ناجائز اسلحہ برآمد کیا۔ ملزم شراب کے نشے میں تھا۔ ملزم کے خلاف مقدمہ 323/26 درج کر لیا گیا۔ ملزم پولیس کو مطلوب تھا۔ اس کے خلاف تھانہ گوجر خان میں مقدمات درج ہیں۔ ایس پی صدر نے کہا کہ ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

بقیہ 30

سے چھینے گئے 3 موبائل فون، نقدی اور 66 ہزار روپے برآمد ہوئے۔ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ ملزمان کو حوالات منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 31

کا مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 32

فروش جمشید اقبال کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 1 کلو 100 گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا۔

بقیہ 33

دوروز میں 11 ہزار 200 کیوسک اضافہ کیا گیا۔ صوبہ پنجاب کو آج 55 ہزار 900 کیوسک پانی فراہم کیا جا رہا ہے، صوبہ سندھ کو 50 ہزار کیوسک، بلوچستان کو 500 کیوسک پانی

فراہم کیا جا رہا ہے۔ ارسا کے جاری اعداد و شمار کے مطابق خیبر پختونخوا کو 3 ہزار 300 کیوسک پانی فراہم کیا جا رہا ہے۔ پانی کی زائد فراہمی سے فصلوں کی پیداوار میں اضافہ اور شارٹ فال میں مزید کمی آئے گی، چاروں صوبوں کو پورے کر دیئے 1 لاکھ 08 ہزار 700 کیوسک پانی فراہم کیا گیا۔

بقیہ 34

اور پلاننگ کو بہتر بنایا جائے۔ بریفنگ میں شاہدرہ سائفن کی استعداد بڑھانے، سیوریج لائنوں کی صفائی اور تنصیبات کا جائزہ پیش کیا گیا۔ کمشنر لاہور مریم خان نے محکمہ ایریگیشن اور ضلعی انتظامیہ کو پمپنگ اسٹیشنز کی مضبوطی، پانی کی نکاسی کے ناکافی انتظامات کی خامیاں ختم کرنے کی ہدایت کی۔ کمشنر نے کہا کہ بارشوں سے قبل تمام تیاریاں مکمل کی جائیں۔ لاہور، شیخوپورہ، ننکانہ اور قصور کے سیلاب کے خطرے سے دوچار علاقوں کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنرز کو کمیونٹی سطح پر آگاہی مہم کا حکم دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام محکمے مون سون کے دوران فیلڈ میں موجود رہیں۔ 122 ریسکیو 1122 اور متعلقہ اداروں کو الرٹ رکھا جائے۔ سیلاب کی صورتحال میں فوری ردعمل کیلئے اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کو نالوں کی صفائی کا 100 فیصد کام مکمل کرنے کا کہا گیا۔ نکاسی آب کے نظام میں رکاوٹیں دور کی جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ہنگامی صورتحال میں فوری رابطہ کاری یقینی بنائی جائے۔ نشیبی علاقوں کی نشاندہی کر کے حفاظتی اقدامات مکمل کیے جائیں۔

بقیہ 35

مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پی نے کہا کہ منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ افراد کو قانون کی گرفت سے بچنے نہیں دیا جائے گا۔

بقیہ 36

ہیں غیر معمولی پذیرائی مل رہی ہے۔ جبکہ اس سے قبل گالف کلب میں کیپٹن عبدالکبیر طور، چوہدری محمد بشیر اور لیفٹیننٹ ڈاکٹر عائشہ ایاز (فرنٹیئر پروفیسر ایاز) اعزازی طور پر پاس آؤٹ ہوئے۔ اس موقع پر ڈاکٹر عائشہ ایاز نے کہا کہ پاس آؤٹ تقریب کے دوران وزیراعظم پاکستان نے نوجوانوں کو اپنے ملک کی خدمت کا جذبہ دیا۔ نوجوان معروف رہنماؤں کی تعلیم و تربیت کے لیے اہم اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ملک بھر سے نوجوانوں نے تقریب میں شرکت کی۔ نوجوانوں نے پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کا عزم کیا۔ پاک فوج کے افسران نے تمام شرکاء کو مبارکباد دی۔ یہ ایک مضبوط اور روشن مستقبل کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 37

کیا۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی برانچ اور سٹاف کا کام انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ جو کہ صرف ضلع کی سطح پر نہیں بلکہ مجموعی صورتحال کیلئے بھی اہم ہے۔ سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے تمام افسران کو اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے سکیورٹی کے حوالے سے اہم ہدایات دیں اور مختلف ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کارکردگی کو مظاہرہ کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 38

نوید بھٹی کو بتایا کہ ملزم ارشد نے مقتول حمید علی کو چاقو کے وار سے قتل کر دیا۔ جس سے مقتول موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا۔ ملزم اور مقتول کے درمیان پرانی دشمنی چل رہی تھی۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کو جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ تفتیش جاری ہے۔ مقدمہ درج کر لیا گیا۔

بقیہ 39

گرفتار ہوئے۔ اس کے علاوہ دیگر متعدد ملزمان بھی گرفتار کیے گئے۔ ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور منشیات برآمد کی گئیں۔ ملزمان کو قانون کے مطابق سزا دلوائی جائے گی۔ پولیس کی جانب سے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کیا گیا۔ ملزمان کے خلاف 40 مقدمات درج کیے گئے۔ 11 ملزمان کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ پولیس کی جانب سے جرائم کی روک تھام کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 40

کر کے چالان عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ ملزم کو گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 41

عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے ملزم کی ضمانت منظور کرتے ہوئے رہائی کا حکم دیا۔ اس سلسلے میں ایف آئی اے کو ہدایت کی گئی۔ عدالت نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا حکم دیا۔

بقیہ 42

شہر بھر میں ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ بڑے بڑے بل بورڈز اور تجاوزات ہٹا دی گئیں۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں موجود تھیں۔ دکانداروں کو خبردار کیا گیا کہ تجاوزات دوبارہ قائم کرنے پر سخت کارروائی کی جائے گی۔ شہریوں نے انتظامیہ کے اقدامات کو سراہا۔ شہر میں ٹریفک کی روانی بہتر ہوئی ہے۔ انتظامیہ کے مطابق شہر کو خوبصورت بنانے اور صاف ستھرا رکھنے کیلئے اقدامات جاری رہیں گے۔

قبل متبادل جگہ کا پلان واضح کرے تاکہ غریب طبقے کا معاشی استحکام برقرار رہ سکے۔

بقیہ 43

درخواست پر بھی ایڈیشنل آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ضروری احکامات جاری کیے گئے۔ مرحوم سینئر آفیسر کی بیوہ کی مالی امداد کی درخواست پر بھی متعلقہ افسران کو ریلیف فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی۔ مزید برآں، کانسٹیبل محمود احمد کی درخواست پر پنجاب پولیس کے لیڈر ایس پی آئی جی پنجاب عبدالکریم نے رپورٹ طلب کی۔ ٹرانسفر، پروموشن اور ویلفیئر سے متعلق دیگر درخواستوں پر بھی احکامات جاری کیے گئے۔

بقیہ 44

گرین بیلٹس، گھاس کی تنصیب اور ڈسٹ بن کی فراہمی سے متعلق تفصیلات پیش کی گئیں۔ اس کے علاوہ سکولوں میں فلٹر پلانٹس کی تنصیب اور میڈیا کی فارورڈنگ رپورٹ پر بھی ہونے والی پیشرفت کی مکمل رپورٹ طلب کی گئی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ذرائع سے ہر کام کی نگرانی کی جائے تاکہ مقررہ وقت میں منصوبے مکمل ہوں۔ تمام متعلقہ ادارے اور دیگر ادارے باہمی رابطہ اور سموگ کے اثرات کو کم کرنے کے لیے موثر حکمت عملی مرتب کریں۔

بقیہ 45

چالان عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ ایس پی پوٹھوہار سردار ممتاز خان نے کہا کہ شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ جرائم پیشہ عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

بقیہ 46

اسلحہ، تھانہ نصیرآباد، تھانہ نیو ٹاؤن، تھانہ صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 12 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 650 گرام چرس، 772 گرام ہیروئن اور 10 عدد پستول برآمد کیے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایس پی نے کہا کہ منشیات فروشی اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف آپریشن جاری رہے گا۔ خصوصی مہم کے دوران 09 جرائم پیشہ افراد کو گرفتار کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ شہریوں سے اپیل ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع "پکار-15" پر دیں تاکہ بروقت کارروائی کی جا سکے۔

بقیہ 47

کے دوران 785 افراد، 271 گھرانوں، 30 دکانوں، 13 ہوٹلز، 347 موٹر سائیکلز اور 99 گاڑیوں کی جانچ پڑتال کی گئی۔ 25 مشکوک افراد اور 20 موٹر سائیکلز کو مزید جانچ پڑتال کے لیے تھانے منتقل کیا گیا۔ خارجی راستوں پر سخت چیکنگ کی جا رہی ہے۔ تمام پولیس افسران فیلڈ میں موجود رہیں گے۔ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 48

عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومبنگ آپریشن کا سلسلہ جاری ہے۔ اس ضمن میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی ہدایات پر مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کیا گیا۔ آپریشن کے دوران 785 افراد، 271 گھرانوں، 30 دکانوں، 3 ہوٹلز، 347 موٹر سائیکلز اور 99 گاڑیوں کی جانچ پڑتال کی گئی۔ 25 مشکوک افراد اور 20 موٹر سائیکلز کو مزید تصدیق کے لیے تھانے منتقل کیا گیا۔ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری اور امن و امان برقرار رکھنا ہے۔ اسلام آباد پولیس شہریوں کے تعاون سے جرائم کے خاتمے کیلئے کوشاں ہے۔ شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع "پکار-15" پر دیں۔

بقیہ 49

جسٹس نے سیشن کورٹ میں کیس کی سماعت کی۔ نادرا کے ریکارڈ کے مطابق ملزم کی عمر سولہ سال ہے۔ عدالت نے فیصلہ میں مزید بتایا کہ ملزم نے جرم کا اعتراف کیا ہے۔ دوبارہ جرائم کی روک تھام کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں۔ 2025 میں اغوا کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ عدالت نے مجرم کو سزا سنائی۔ نامعلوم افراد نے مدعیہ کو دھمکیاں دیں۔ عدالت نے مجرم پر جرمانہ بھی عائد کیا۔ فیصلے کے مطابق ملزم کو جیل منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 50

کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہریوں کو ریلیف کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے اور انصاف کی فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 51

کالج کے تمام مہمانوں بالخصوص مہمان خصوصی پیر مخدوم سید عباس بخاری کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پیر سید عباس بخاری نے کہا کہ تعلیم ہی ترقی کا واحد راستہ ہے۔ بچوں کی بہتر تعلیم و تربیت اور خدمت خلق کو اپنا شعار بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاسبان ویلفیئر فاؤنڈیشن انسانیت کی خدمت کا کام کر رہی ہے۔ نادار مستحق افراد کی مدد کرنا ہمارا مقصد ہے۔ پیر سید عباس بخاری کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔

انتظام کا شوق کو جاتا ہے، جس سے مقامی آبادی کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں نمایاں آسانی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ انہی خدمات کے اعتراف میں انہیں ہیرو آف ٹاؤن ایوارڈ سے نوازا جا رہا ہے۔ اس موقع پر پاسبان ویلفیئر فاؤنڈیشن کے صدر حاجی خالد پرویز نے کہا کہ پیر شاہ عباس بخاری نے اپنی پوری زندگی انسانیت کی خدمت کے لیے وقف کر رکھی ہے اور ان کی خدمات ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پیر شاہ عباس بخاری نے کہا کہ پاسبان ویلفیئر فاؤنڈیشن اور اہلیان ٹوبہ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ انسانیت کی خدمت کا جذبہ انہیں اپنے بزرگوں کی وراثت میں ملا ہے، جس کا مقصد صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول ہے۔ تقریب کے اختتام پر مہمانوں خصوصی کو روایتی انداز میں پگڑی پہنائی گئی اور انہیں ہیرو آف ٹاؤن ایوارڈ پیش کیا گیا۔ شرکاء نے اس اقدام کو ایک مثبت اور قابل تحسین قدم قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ایسی تقریبات سے معاشرے میں خدمت خلق کا جذبہ مزید فروغ پائے گا۔

بقیہ 52

و بہبود کے پراجیکٹس، این ای ایس کو سسٹم، این پی ایف الیکٹری بزنس اور آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کی رپورٹس کا فرداً فرداً جائزہ لیا اور افسران کو مزید بہتری کے لیے ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 53

کی ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پی نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 54

کے چوک چوراہوں و شاہراہوں پر آگاہی فراہم کرنے کیلئے ٹریفک ایجوکیشن ونگ سمیت سرکل و سیکٹر انچارجز کو احکامات جاری کر دیے گئے۔ روڈ یوزرز میں ٹریفک ڈسپلن کے حوالے سے آگاہی پمفلٹ تقسیم کیا گیا۔ پبلک ایڈریس سسٹم کے ذریعے موٹر سائیکل سواروں کو آگاہی دی جا رہی ہے کہ وہ دوران ڈرائیونگ انتہائی بائیں لین کا استعمال کریں۔ مزید اوور ٹیکنگ اور یوٹرن لینے کیلئے صورت میں دائیں لین استعمال کریں۔ روڈ ڈسپلن کے حوالے سے چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم نے کہا کہ شہر میں ٹریفک جام کے مسائل کی بڑی وجہ لین لائن ڈسپلن کی خلاف ورزی ہے، شاہراہوں کی خوبصورتی لین لائن اور زیبرا کراسنگ کے ساتھ ہے۔ لین لائن، سٹاپ لائن ڈسپلن پر عمل کرنا مہذب قوموں کی پہچان ہے۔ انہوں نے کہا کہ لائن لین و سٹاپ لین کی آگاہی مہم کے بعد خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف باقاعدہ کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 55

سائنس اتھارٹی کے ارکان میں شامل کیا جا سکے، جس سے اداروں کے درمیان باہمی تعاون اور ڈیٹا و معلومات کے تبادلے کو فروغ ملے گا۔ کمیٹی نے بل کو متفقہ طور پر منظور کر لیا۔

بقیہ 56

کے ڈی اے آویزاں چیئر مین کے ذریعے مبینہ طور پر گمراہ کن معلومات دے کر عوام کو بھی کے ساتھ بغیر متعلقہ اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر ممکن دکھائی نہیں دیتا، جس پر شہری سراپا احتجاج ہیں؛ متاثرہ شہریوں اور سماجی نمائندوں نے وزیراعلیٰ پنجاب، کمشنر راولپنڈی ڈویژن، ڈپٹی کمشنر چکوال، سارہ حیات، اسسٹنٹ کمشنر کلر کہار سیدن شاہ اور سیکرٹری RTA سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ بغیر کسی سیاسی دباؤ کے فوری نوٹس لیتے ہوئے شفاف انکوائری کرائیں، ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائیں اور فوری کارروائی کریں تاکہ اس مبینہ استحصالی نظام کا فوری خاتمہ ممکن ہو سکے۔

بقیہ 57

ٹیم کو شہری کی جانب سے اطلاع موصول ہوئی کہ اس کا بچہ لاپتہ ہو گیا ہے، جس کی فوری تلاش کرنے میں مدد کی جائے۔ شہری کی جانب سے اطلاع موصول ہوتے ہی پولیس نے فوری رپورٹ درج کر کے تمام تکنیکی اور انسانی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے گمشدہ بچے کو مختلف مقامات میں تلاش کر کے بحفاظت والدین کے حوالے کر دیا۔ بچے کے والدین نے پولیس ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور فوری مدد کرنے پر اسلام آباد پولیس کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 58

کی اوسط ریٹیل قیمت 1548 روپے ریکارڈ کی گئی۔ جو پیوستہ ہفتے میں 1567 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ ملک کے جنوبی شہروں اور علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1544 روپے ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتے کے مقابلے میں 0.71 فیصد زیادہ ہے۔ پیوستہ ہفتے کے دوران ملک کے شمالی شہروں اور علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1533 روپے ریکارڈ کی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ ہفتے کے دوران اسلام آباد میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1541، راولپنڈی 1522، گوجرانوالہ 1550، سیالکوٹ 1580، لاہور 1582، فیصل آباد 1530، سرگودھا 1562، ملتان 1561، بہاولپور 1583، پشاور 1534 اور بنوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1480 روپے ریکارڈ کی گئی۔ اسی طرح 16 اپریل کو ختم ہونے والے ہفتے میں کراچی میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1461، حیدرآباد 1532، سکھر 1600، لاڑکانہ 1513، کوئٹہ 1490 اور خضدار میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1667 روپے ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 59

پاکستان کے تعمیری کردار کی تعریف کی۔ انہوں نے اس سلسلے میں سفارتی روابط کو فروغ دینے کے لیے پاکستان کے مسلسل عزم کو سراہا۔ انہوں نے وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے 11 سے 12 اپریل کو ہونے والے اسلام آباد مذاکرات کے بارے میں آگاہ کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے مصالحانہ افراتفری کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ دونوں رہنماؤں نے عالمی معیشت خاص طور پر ترقی پذیر ممالک کے معاشی اثرات پر تشویش کا اظہار کیا اور تنازعات کے پرامن حل کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 60

کے قبضہ سے 23 ہزار روپے نقدی 20 پمفلٹ اور ممنوعہ لٹریچر برآمد کر کے تھانہ سی ٹی ڈی ساہیوال میں مقدمہ 11 نمبر 11/ ای ایف آئی آر 11 ای ٹی اے 9 کے تحت انسداد دہشت گردی ایکٹ درج کر لیا گیا۔

بقیہ 61

خاک کر دیا گیا۔ اس موقع پر موجود شرکاء نے ملک جاوید اور ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے اسے خاندان کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان قرار دیا۔ اجتماعی دعا کے دوران مرحومہ کی کامل مغفرت، بسماندگان کے لیے صبر جمیل اور سوگوار خاندان کی استقامت کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 62

میں آویزاں کریں تاکہ صارفین کو اشیاء کی دستیابی میں آسانی ہو۔ انہوں نے کہا کہ اشیاء کو معیار کے ساتھ مقرر کردہ نرخوں کے مطابق فراہم کریں۔ اجلاس میں ممبران کی مشاورت سے روز مرہ اشیائے ضروریہ کے نرخ مقرر کیے گئے۔

گوجرخان پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ

اے ایس پی دانیال حسن کی ہدایت پر کریک ڈاؤن جاری سکھو پلی کے قریب سے 8لیٹر شراب سمیت ملزم دھر لیا گیا

منشیات فروشوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رہیں گی ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا ایس ایچ او طیب ظہیر بیگ

گوجرخان (قمر شہزاد) اے ایس پی گوجرخان سید دانیال حسن کی زیرنگرانی اور ایس ایچ او تھانہ گوجرخان مرزا طیب ظہیر بیگ کی قیادت میں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف جاری مہم کے دوران ایک کارروائی کے دوران ملزم کو گرفتار کر کے دیسی شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق اے ایس آئی چوہدری محمد ظریف دیگر پولیس ملازمین کے ہمراہ معمول کی گشت پر سکھو پلی کے قریب موجود تھے کہ شام ساڑھے چھ بجے کے قریب بازار کی جانب سے آنے والے ایک مشکوک شخص نے پولیس پارٹی کو دیکھ کر فرار ہونے کی کوشش کی۔ پولیس نے تندہی سے کام لیتے ہوئے اسے قابو کر لیا۔ دورانِ تلاشی ملزم کے قبضے سے ایک سفید گیلن برآمد ہوا، جس میں 8 لیٹر دیسی ساختہ شراب (بقیہ نمبر 29)

پوٹھوہار ڈویژن پولیس کی منشیات کے خلاف کارروائیاں، زیرحراست افراد سے برآمد ہونے والی چرس

چکوال، نجی کالج میں زیرتعلیم فرسٹ ائیر کی طالبہ پراسرار طور پر لاپتہ

چکوال (این این آئی) نجی کالج میں زیرتعلیم فرسٹ ائیر کی طالبہ پراسرار طور پر لاپتہ ہوگئی۔ اہل خانہ کے مطابق ہماری بیٹی گزشتہ روز صبح 7:30 بجے کالج کیلئے روانہ ہوئی، مگر بعدازاں معلوم ہوا کہ وہ کالج نہیں پہنچی۔ شبہ ہے کہ اسے کامران حیدر اغواء کر کے اپنے ساتھ لے گیا ہے۔ سٹی پولیس نے قانونی کارروائی کرتے ہوئے واقعہ (بقیہ نمبر 31)

سٹریٹ کرائم و چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار

ملزمان کے قبضے سے چھینے گئے 3 موبائل فون و مسروقہ رقم 66 ہزار روپے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ روات پولیس نے سٹریٹ کرائم اور چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار کر کے چھینے گئے 3 موبائل فون و مسروقہ رقم 66 ہزار روپے برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم اور چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گینگ (بقیہ نمبر 30)

تھانہ روات پولیس کی کارروائی زیرحراست گینگ سے 3 موبائل فونز و مسروقہ رقم برآمد

چکوال، دو منشیات فروش گرفتار

چکوال (این این آئی) تھانہ ڈھڈیال پولیس نے منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی میں دو منشیات فروش گرفتار کر لیے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کی زیرنگرانی ایس ایچ او تھانہ ڈھڈیال سب انسپکٹر شاہد بلال، اسسٹنٹ سب انسپکٹر عامر بلال نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی میں منشیات فروش اسد ولد محمد اشرف سکنہ ڈھڈیال کو گرفتار کر کے اسکے قبضہ سے 1 کلو 200 گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ دوسری کارروائی میں اسسٹنٹ سب انسپکٹر جہانزیب حسن نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی منشیات (بقیہ نمبر 32)

صوبوں کو دیئے جانے والے پانی کے اعداد و شمار جاری

صوبہ پنجاب کے پانی میں گزشتہ روز کے مقابلے 1100 کیوسک اضافہ کر دیا

لاہور (این این آئی) ارسا نے ملک کے آبی ذخائر، صوبوں کو دیئے جانے والے پانی کے اعدادوشمار جاری کر دیئے۔ ارسا کے مطابق صوبہ پنجاب کے پانی میں گزشتہ روز کے مقابلے 1100 کیوسک اضافہ کر دیا، صوبہ پنجاب کے پانی کے حصص میں (بقیہ نمبر 33)

4 ملزمان گرفتار، 08 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان گرفتار کر کے 08 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجرخان پولیس نے تین ملزمان کو گرفتار کر کے 08 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، چکلالہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ (بقیہ نمبر 35)

کمشنر لاہور مریم خان کا راوی کے حساس مقامات کا دورہ

ڈی سلٹنگ آپریشنز مکمل کرنے اور سیلابی خطرات سے نمٹنے کیلئے فوری اقدامات کی ہدایت

لاہور (این این آئی) مون سون و موسم برسات پیشگی انتظامات کے حوالے سے لاہور انتظامیہ کے اہم پوائنٹس کے دورے۔ کمشنر لاہور مریم خان نے ڈی سی لاہور کیپٹن (ر) علی اعجاز کے ہمراہ راوی کے اہم پوائنٹس شاہدرہ، کالا خطائی روڈ اور ریلوے ٹریک روڈ ز ایریا کا دورہ کیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر اریگیشن لاہور ریجن نے اہم پوائنٹس پر اقدامات (بقیہ نمبر 34)


معروف ماہر تعلیم و سینئر صحافی خاور شہزاد کے لاتعداد سٹوڈنٹس پاک آرمی، ایئرفورس اور نیوی سمیت مختلف شعبہ جات میں ملک و قوم کی خدمت میں مصروف

سیکنڈ لیفٹیننٹ ملک حسان ارشد نے پی ایم اے پاس

کیپٹن عبدال سمیر اور کیپٹن ڈاکٹر محمد طلحہ ایاز بھی نمایاں معروف ماہر تعلیم و سینئر صحافی خاور شہزاد کے سٹوڈنٹس کی درخشاں کامیابیاں

معروف ماہر تعلیم و سینئر صحافی خاور شہزاد کے لاتعداد سٹوڈنٹس پاک آرمی، ایئرفورس اور نیوی سمیت مختلف شعبہ جات میں ملک و قوم کی خدمت میں مصروف

چوآسیدن شاہ (نامہ نگار) تحصیل چوآسیدن شاہ ایک بار پھر اپنے باصلاحیت نوجوانوں کی وجہ سے قومی منظرنامے پر نمایاں ہوگیا، جہاں ملک ارشد کے صاحبزادے اور صوفی محمد وزیر کے نواسے سیکنڈ لیفٹیننٹ ملک حسان ارشد نے 2026 کی حالیہ پاس آؤٹ تقریب میں پاکستان ملٹری اکیڈمی (پی ایم اے) لانگ کورس سے کمیشن حاصل کرتے ہوئے نمایاں کامیابی سمیٹی، اس تازہ کامیابی کو علاقے (بقیہ نمبر 36)

سکیورٹی سٹاف محکمہ پولیس کی آنکھ اور کان کا کام کرتا ہے

ذمہ داریوں کو مدنظر رکھ کر کام کرے، ڈی پی او رحیم یار خان عرفان علی سموں

رحیم یار خان (این این آئی) ڈی پی او عرفان علی سموں نے کہا ہے کہ سکیورٹی سٹاف ضلع بھر میں محکمہ پولیس کی آنکھ اور کان کا کام کرتا ہے، سکیورٹی سٹاف اپنی ذمہ داریوں کو مدنظر رکھتے ہوئے پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ کام کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیف سکیورٹی آفیسر ذیشان محسن رندھاوا کے ہمراہ ضلع بھر کے تھانوں میں نئے تعینات کیے جانے والے سکیورٹی سٹاف کانسٹیبلان سے میٹنگ کے دوران خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 37)

پتوکی، لین دین معاملہ پر ملزمان کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

پتوکی (این این آئی) پتوکی میں 40 ہزار روپے لین دین معاملہ پر ملزمان کی فائرنگ سے ایک شخص حمید علی جاں بحق ہوگیا، ملزمان موقع سے اسلحہ لہراتے ہوئے فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر پتوکی کے علاقہ کوٹ اکبر خاں میں تین کس ملزمان نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا اور ملزمان موقع سے فرار ہوگئے پولیس نے ایجنسی رپورٹ (بقیہ نمبر 38)

پولیس مقابلہ، فائرنگ تبادلے میں ملزم زخمی حالت میں گرفتار

فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن جاری ہے، پولیس حکام

ننکانہ صاحب (این این آئی) تھانہ واربرٹن کے علاقہ میں نائٹ پٹرولنگ کے دوران پولیس اور مسلح موٹر سائیکل سواروں کے درمیان فائرنگ کا واقعہ پیش آیا۔ پولیس کے مطابق اہلکاروں نے مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا تو انہوں نے فائرنگ شروع کر دی، جس پر پولیس نے حق حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی کارروائی کی۔ فائرنگ کے تبادلے کے دوران ایک ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہو کر پولیس کے ہاتھوں (بقیہ نمبر 39)

قوت سماعت و گویائی سے محروم بچے سے زیادتی کی کوشش کرنیوالا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نصیرآباد پولیس نے قوت سماعت و گویائی سے محروم 10 سالہ بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والا شخص گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نصیرآباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قوت سماعت و گویائی سے محروم 10 سالہ بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، متن مقدمہ کے مطابق زیرحراست شخص نے میرے قوت سماعت و گویائی سے محروم بیٹے کو خالی پلاٹ میں لے جا کر زیادتی کرنے کی کوشش کی، نصیرآباد پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج (بقیہ نمبر 40)

جعلی ویڈیو وائرل کرنے کے مقدمہ میں فلک جاوید کی ضمانت منظور

لاہور ہائیکورٹ نے ایک لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرانے کی ہدایت کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی مبینہ جعلی ویڈیو وائرل کرنے کے مقدمے میں گرفتار پی ٹی آئی کی سوشل میڈیا ایکٹوسٹ فلک جاوید کی ضمانت منظور کر لی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شہرام سرور چوہدری نے فلک جاوید کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ ملزمہ کی جانب سے بیرسٹر میاں علی اشفاق (بقیہ نمبر 41)

میگا پراجیکٹس کی راہ میں حائل سینکڑوں کھوکھوں کی مسماری کا کاؤنٹ ڈاؤن شروع

لاہور سول کورٹ سے حکم امتناعی کی درخواست خارج، این ایچ اے نے تجاوزات فوری ہٹانے کے حتمی نوٹس آویزاں کر دیے

ترقیاتی منصوبے یا سینکڑوں خاندانوں کا معاشی قتل؟ متبادل جگہ کے تعین کے بغیر کھوکھا جات گرانے کے فیصلے سے بے چینی پھیل گئی

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان شہر کی تاریخ کے اہم ترین ترقیاتی منصوبے دو انڈر پاسز کی تعمیر کے سلسلے میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی اراضی پر قائم 300 سے زائد کھوکھوں کی مسماری کا حتمی مرحلہ شروع ہو گیا ہے۔ گوجرخان انتظامیہ کی جانب سے دی گئی ڈیڈ لائن ختم ہونے کے قریب ہے، جبکہ کھوکھا یونین کو قانونی محاذ پر بھی بڑا جھٹکا لگا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، العباس ٹریڈرز کی جانب سے لاہور سول کورٹ میں مسماری کے خلاف دائر کردہ حکم امتناعی کی درخواست خارج کر دی گئی ہے، جس کے بعد این ایچ اے حکام نے ایکشن لیتے ہوئے (بقیہ نمبر 42)

آئی جی پنجاب سے پولیس ملازمین، اہلخانہ کی ملاقات

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق، شہید کانسٹیبل غلام مرتضیٰ کی اہلیہ کی مالی امداد کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ریلیف فراہمی کی ہدایت کی گئی۔ ہیڈ کانسٹیبل ارشد علی کی مالی امداد کی (بقیہ نمبر 43)


نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی اراضی پر قائم کھوکھوں کی مسماری کا حتمی مرحلہ شروع

سکولوں میں میاواکی جنگلات، گھاس اور ڈسٹ بنز کی تفصیلات طلب

تمام اضلاع کے سی ای اوز کو دو روز کے اندر اندر مکمل رپورٹ جمع کرانے کی ہدایات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سموگ کے تدارک کے لیے اقدامات تیز کرتے ہوئے صوبے بھر کے سکولوں سے ماحولیاتی سرگرمیوں کی تازہ رپورٹس طلب کر لی ہیں۔ متعلقہ محکمہ کی جانب سے تمام اضلاع کے سی ای اوز کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ دو روز کے اندر اندر مکمل رپورٹ جمع کروائیں۔ حکام نے سکولوں میں میاواکی جنگلات، (بقیہ نمبر 44)

چوری و جیب تراشی کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار

ملزمان کے قبضے سے مسروقہ رقم 30 ہزار 380 روپے، واٹر ڈسپنسر اور سیمنٹ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ صدر واہ پولیس نے چوری و جیب تراشی کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار کر کے مسروقہ رقم 30 ہزار 380 روپے، واٹر ڈسپنسر اور سیمنٹ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری و جیب تراشی کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گینگ سے مسروقہ رقم 30 ہزار 380 روپے، واٹر ڈسپنسر اور سیمنٹ برآمد کر لیا۔ زیرحراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ (بقیہ نمبر 45)

تھانہ صدر واہ پولیس کی کارروائی، زیرحراست گینگ سے مسروقہ رقم، واٹر ڈسپنسر اور سیمنٹ برآمد

اسلام آباد، 9 اشتہاریوں سمیت 21 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

650 گرام چرس، 772 گرام ہیروئن اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 9 اشتہاریوں سمیت 21 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے 650 گرام چرس، 772 گرام ہیروئن اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں تھانہ شالیمار، تھانہ سنگجانی، تھانہ انڈسٹریل (بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد میں فول پروف سکیورٹی کے انتظامات

785 افراد، 271 گھرانوں، 30 دکانوں، 13 ہوٹلز کی چیکنگ

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے احکامات پر اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر مشترکہ گرینڈ کومبنگ سرچ آپریشنز جاری۔ اسلام آباد تھانہ کورال، سنگجانی، ترنول، مارگلہ، بھارہ کہو، انڈسٹریل ایریا اور تھانہ کرپا کے علاقوں میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی سپرویژن اور زونل ایس پیز کی زیرنگرانی سرچ آپریشنز کیے گئے جس میں لیڈیز پولیس نے بھی حصہ لیا۔ سرچ آپریشن (بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد پولیس مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن میں مصروف ہے

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن

25 مشکوک افراد اور 20 موٹر سائیکل جانچ پڑتال کیلئے تھانے منتقل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کے دوران 25 مشکوک افراد اور 20 موٹر سائیکلوں کو جانچ پڑتال کیلئے تھانے منتقل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ (بقیہ نمبر 48)

لاہور: وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر گرین کیمپس مہم کے تحت پودا لگا رہے ہیں

اغواء کے مقدمے میں کم عمر ملزم کی درخواست ضمانت منظور

جووینائل جسٹس سسٹم کے تحت 2 لاکھ روپے مچلکوں کے عوض رہائی، تفصیلی تحریری فیصلہ جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے لڑکی کے اغواء کے مقدمے میں کم عمر ملزم محمد نوید کی درخواست ضمانت منظور کر لی۔ عدالت نے فرسٹ ائیر کے طالب علم ملزم کی ضمانت منظوری کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا، عدالت نے ملزم کی ضمانت کم عمر ہونے کی بنیاد پر منظور کی۔ جسٹس طارق سلیم شیخ نے ملزم محمد نوید کی ضمانت پر سولہ صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا۔ تحریری فیصلے میں بتایا گیا کہ عدالت نے ملزم محمد نوید کی ضمانت دو لاکھ روپے مچلکوں کے عوض منظور کی۔ فیصلہ میں لکھا گیا کہ قانون کے مطابق سولہ سال سے کم عمر ملزم سے جووینائل (بقیہ نمبر 49)

ڈپٹی کمشنر چکوال کی کھلی کچہری، شہریوں نے مختلف مسائل پیش کیے

تمام درخواستوں پر میرٹ اور شفافیت کے ساتھ عملدرآمد یقینی بنایا جائے

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں نے مختلف مسائل پیش کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کی درخواستوں کو بغور سنا اور موقع پر متعلقہ افسران کو فوری احکامات جاری کرتے ہوئے مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ کھلی کچہری کے دوران ریونیو، میونسپل سروسز اور دیگر محکموں سے متعلق درخواستیں سامنے آئیں۔ جن پر ڈپٹی کمشنر نے واضح ہدایات جاری کیں (بقیہ نمبر 50)

ایڈیٹر انچیف ۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

پیر منشاء عباس بخاری کو ہیرو آف تھل ایوارڈ سے نواز دیا گیا

ٹوبہ میں شاندار تقریب میں معزز مہمانانِ گرامی، سماجی و تعلیمی شخصیات اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی

پیر منشاء عباس بخاری نے اپنی پوری زندگی انسانیت کی خدمت کیلئے وقف کر رکھی ہے اور ان کی خدمات ہم سب کے لیے مشعلِ راہ ہیں

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس) پاسبان ویلفیئر فاؤنڈیشن ٹوبہ کے زیراہتمام ایک پروقار اور شاندار تقریب میں علاقہ تھل کی معروف روحانی و سماجی شخصیت پیر منشاء عباس بخاری کو ہیرو آف تھل ایوارڈ سے نوازا گیا۔ تقریب میں معزز مہمانانِ گرامی، سماجی و تعلیمی شخصیات اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ پیر منشاء عباس بخاری کی ٹوبہ آمد پر پاسبان ویلفیئر فاؤنڈیشن کے صدر حاجی خالد پرویز، سی ای او حافظ افتخار احمد اور دیگر اراکین نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد سید مسرت حسین (بقیہ نمبر 51)

ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سید علی ناصر رضوی کی زیرصدارت این پی ایف افسران کا اعلیٰ سطحی اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی کی زیرصدارت این پی ایف افسران کا اعلیٰ سطحی اجلاس۔ ڈائریکٹر ایڈمن/سکیورٹی بریگیڈیئر راحمد نواز، ڈائریکٹر آئی ٹی سلیم رضا شیخ، ڈائریکٹر ناس علی عزیز، ڈائریکٹر آئی ٹی اسلام آباد پولیس، ڈپٹی ڈائریکٹر ہاؤسنگ محسن پاشا اور اے ڈی ہاؤسنگ شاس الیاس کی شرکت۔ ایم ڈی فاؤنڈیشن نے این پی ایف ڈائریکٹوریٹس کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ پولیس افسران کی فلاح (بقیہ نمبر 52)

سی ٹی او راولپنڈی منظم ٹریفک کے حصول کیلئے متحرک

لائن لین، سٹاپ لائن و زیبرا کراسنگ کی پاسداری بارے آگاہی مہم کا آغاز

راولپنڈی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے خصوصی احکامات پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم ضلع راولپنڈی میں منظم ٹریفک کے حصول کیلئے متحرک، ضلع بھر میں منظم ٹریفک کیلئے حصول کیلئے لائن لین، سٹاپ لائن و زیبرا کراسنگ کی پاسداری کے حوالے سے خصوصی آگاہی مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ راولپنڈی (بقیہ نمبر 54)

2 منشیات سپلائر گرفتار، اڑھائی کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے 2 منشیات سپلائر گرفتار کر کے اڑھائی کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے، 2 منشیات سپلائر کو گرفتار کر کے، اڑھائی کلو سے زائد چرس برآمد کی، نصیرآباد پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 400 گرام چرس برآمد کی، ریس کورس پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 300 گرام چرس برآمد (بقیہ نمبر 53)

پنجاب فرانزک اتھارٹی (ترمیمی) بل متفقہ طور پر منظور

اداروں کے درمیان باہمی تعاون اور ڈیٹا و معلومات کے تبادلے کو فروغ ملے گا

لاہور (این این آئی) قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے پنجاب فرانزک اتھارٹی (ترمیمی) بل 2026ء کو متفقہ طور پر منظور کر لیا۔ اجلاس قائمقام چیئرپرسن سیدہ سمرین تاج کی صدارت میں منعقد ہوا۔ محکمہ داخلہ نے پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی ایکٹ of 2025(XVIII (2025) میں ترمیم کی تجویز دی ہے تاکہ ڈائریکٹر جنرل پنجاب ایگریکلچر، فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی اور چیئرمین پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کو پنجاب فرانزک (بقیہ نمبر 55)

چوآسیدن شاہ تا چکوال 33 کلومیٹر کو ملی بھگت سے 45 کلومیٹر بنا کر 300 روپے کرایہ مسلط

وزیراعلیٰ پنجاب، کمشنر راولپنڈی، ڈی سی چکوال، اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ اور سیکرٹری RTA فوری نوٹس لینے کا عوامی مطالبہ نے زور پکڑ لیا

ایندھن سستا مگر کرایوں کی لوٹ مار بے قابو حکام بالا کب جاگیں گے؟ عوامی و سماجی حلقوں کا فوری ایکشن اور ریلیف کا دوٹوک مطالبہ



چوآسیدن شاہ، اتفاق کوہ ویگن اڈا پر نصب پینافلیکس پر چوآسیدن شاہ تا چکوال کا فاصلہ 45 کلومیٹر اور گوگل میپ پر فاصلہ 32.5 کلومیٹر بتایا گیا ہے

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) تحصیل چوآسیدن شاہ میں ٹرانسپورٹ کرایوں کے معاملے نے سنگین اور تشویشناک صورت اختیار کر لی ہے جہاں عوامی و سماجی حلقوں نے شدید ردعمل دیتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ چوآسیدن شاہ سے چکوال کا تقریباً 33 کلومیٹر فاصلہ مبینہ ملی بھگت کے ذریعے 45 کلومیٹر ظاہر کر کے خود ساختہ طور پر 300 روپے فی سواری کرایہ مسلط کر دیا گیا ہے، جبکہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود کرایوں میں کسی قسم کی کمی نہ ہونا ایک بڑا سوالیہ نشان بن چکا ہے؛ شہریوں کا کہنا (بقیہ نمبر 56)

سیمنٹ کی ریٹیل قیمت میں استحکام، فی بوری کی قیمت 1548 روپے ریکارڈ

ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمت میں گزشتہ ہفتہ کے دوران ملا جلا رجحان رہا

لاہور (این این آئی) ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمت میں ایک ہفتے کے دوران ملا جلا رجحان رہا۔ پاکستان کے ادارہ برائے شماریات کی رپورٹ کے مطابق 16 اپریل کو ختم ہونے والے ہفتے میں ملک کے شمالی شہروں اور علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری (بقیہ نمبر 58)

اسلام آباد پولیس نے گمشدہ بچے کو تلاش کر کے بحفاظت والدین کے حوالے کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گمشدہ بچے کو قلیل وقت میں تلاش کر کے بحفاظت والدین کے حوالے کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ اس سلسلے میں تھانہ ترنول پولیس (بقیہ نمبر 47)

اسحاق ڈار اور آسٹریلیا کی وزیر خارجہ کے درمیان ٹیلیفونک گفتگو

پاکستان مذاکرات اور مثبت روابط کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری رکھے گا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور آسٹریلیا کی وزیر خارجہ پینی وانگ کے درمیان ٹیلیفونک گفتگو ہوئی۔ پیر کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق وزیر خارجہ پینی وانگ نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کی کاوشوں اور ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات میں سہولت کاری کے حوالے سے (بقیہ نمبر 59)

کالعدم تنظیم تحریک لبیک پاکستان سیکرٹری مالیات کو ساڑھے 11 سال قید کی سزا

ساہیوال (این این آئی) سپیشل جج انسداد دہشت گردی عدالت ساہیوال ضیاء اللہ خان نے کالعدم تنظیم تحریک لبیک پاکستان کے سیکرٹری مالیات شہباز علی جٹ کو ساڑھے 11 سال قید اور ایک لاکھ 55 ہزار روپے جرمانہ کی سزا سنائی۔ استغاثہ کے مطابق 12 نومبر 2025 کو شام ساڑھے چھ بجے دلووالا بنگلہ پل پر نفرت انگیز میٹریل پمفلٹ اور تحریک لبیک کی فائنانسنگ کرتے ہوئے سی ٹی ڈی نے چھاپہ مار کر شہباز علی جٹ کو گرفتار کر لیا تھا۔ ملزم (بقیہ نمبر 60)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

پوٹھوہار پریس کلب کے سابق صدر ملک جاوید کی اہلیہ انتقال کر گئیں

مرحومہ بابا شیخ طالب والے قبرستان میں سپردِ خاک نمازِ جنازہ میں سیاسی و سماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت

صحافتی برادری وکلاء اور تاجروں کا ملک جاوید اور ملک اسد سے اظہارِ تعزیت مرحومہ کے درجات کی بلندی کے لیے دعا

گوجرخان (قمر شہزاد) پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے سابق صدر ملک جاوید کی اہلیہ اور سینئر صحافی ملک اسد کی بھابھی علالت کے باعث خالق حقیقی سے جا ملیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ میں سیاسی و سماجی رہنماؤں، پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان اور گردونواح کے صحافیوں، وکلاء، تاجر برادری، محکمہ پولیس، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ نماز جنازہ کے بعد مرحومہ کو مقامی قبرستان بابا شیخ طالب میں سپردِ (بقیہ نمبر 61)

مقرر کردہ نرخ نامے اپنی دوکانوں میں آویزاں کریں

ڈپٹی کمشنر نارووال طیب خان کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس

نارووال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں ممبران کمیٹی کی مشاورت سے روزمرہ استعمال کی اشیاء ضروریہ کے نرخ مقرر کیے گئے۔ اے ڈی اے یاسر محمود، سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی ملک مظفر ارشاد، اے ڈی ایل ڈاکٹر محمد سعید، سمیت ضلعی چیئرمین کریانہ ایسوسی ایشن حاجی رانا محمد الطاف و دیگر اس موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے اس موقع پر تاجروں سے اپیل کی کہ وہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام دوکاندار ضلعی انتظامیہ کی طرف سے مقرر کردہ نرخ نامے اپنی دوکانوں (بقیہ نمبر 62)